دعوت حق

تعویذات و عملیات

خاندان قادریہ چشتیہ نقشبندیہ کے اذکار، واشغال و مراقبات

اور ہر سہ خاندان کے شجرہ شریف مع اعمال

مرتبہ

سید پیر محبوب الٰہی عرف نور اللہ شاہ صاحب قادری

چشتی نقشبندی دہلوی

یکجا تشکیل۔ محمد عبدالرشید قاسمی

بحضور قدوۃ کبریٰ سید محبوب الٰہی شاہ صاحب مدظلہ

جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

دعوتِ حق

تعویذات و عملیات

یعنی

خاندان قادریہ چشتیہ نقشبندیہ کے اذکار و اشغال و مراقبات اور ہر سہ خاندان کے شجرہ شریف مع چند اعمال،

مرتبہ

سید پیر محبوب الٰہی عرف نور اللہ شاہ صاحب قادری چشتی نقشبندی دہلوی حال مقیم کوٹھے شاہ زیرین ڈاکخانہ خاص تحصیل و ضلع منٹگمری۔

یکجا تشکیل۔ محمد عبد الرشید قاسمی

کتب خانہ شان اسلام راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ پاکستان

تعویذات و عملیات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وہ عملیات جو سید پیر محبوب الٰہی شاہ صاحب کے معمولات ہیں درج کرتا ہوں تاکہ ہر خاص و عام فائدہ اٹھا کر دعا سے یاد کرے۔

استخارہ

یہ استخارہ مجرب بہ اجازت ان کے مشائخ سے ہے کہ جب یہ چاہیں کہ خواب میں کسی امر کا خیر و شر معلوم کروں تو وضو کر کے پاک کپڑے پہن کر رو بقبلہ ہو کر دہنی کروٹ پر بیٹھے اور سورۃ والشمس کو سات بار پڑھے پھر سورۃ واللیل کو سات بار پڑھے پھر سورۃ اخلاص کو سات بار پڑھے پھر یوں کہے۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَکَذَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰی اِجَابَةِ دَعْوَتِیْ۔ اور خاموش سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ جس امر کے متعلق معلوم کرنا ہے اسی رات کو معلوم ہو جائیگا اگر پہلی رات کچھ معلوم نہ ہو تو دوسری و تیسری رات کرے اس طرح سات دن تک کریں ساتویں سے آگے نہ بڑھیگا کہ حال کھل جائیگا۔

یہ استخارہ فقیر کا معمول ہے اور میری صحبت والوں نے تجربہ کیا ہے۔

دیگر استخارہ مجرب :-

جو شخص کسی امر کا خیر یا شر معلوم کرنا چاہے تو بعد نماز عشا کے وضو تازہ کر کے بستر پاک پر بیٹھ کر حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ستر بار درود شریف بھیجے اس کے بعد دس بار سورۃ فاتحہ اور گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھ کر پھر سو بار درود شریف

پڑھ کر بستر پر طرف قبلہ کے ہو کر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر امر کا انجام بخوبی معلوم ہو جائیگا یہ بھی فقیر محبوب الٰہی کا معمول ہے اور مجرب ہے اور فقیر کے نزدیک اس سے بہتر کوئی استخارہ نہیں ہے۔

خواب میں زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی۔ ہزار بار سورۃ کوثر کو باطہارت پڑھے اول آخر درود شریف سو سو بار پڑھ کر خاموش سو جاوے تو زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہوگی۔ مجرب المجرب مؤلف کتاب ہذا۔

عمل سورۃ فاتحہ شریف

جو کہ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے کہ سورۂ فاتحہ کے خواص اس طرح بیان کئے ہیں کہ جو شخص اپنی کل حاجات دینی و دنیاوی کا روا ہونا چاہے اور ہر ایک مخالف اور عدو سے محفوظ رہنا چاہے اور بھوک پیاس یا فقر و فاقہ کی محنت اور آفت سے تنگ آگیا ہو تو وہ شخص سورۃ فاتحہ شریف کا ورد شروع کرے اس طرح سے کہ صبح کی نماز کے بعد اکیس بار اور ظہر کی نماز کے بعد بائیس بار عصر کے بعد تئیس بار مغرب کے بعد چوبیس بار اور عشا کے بعد دس بار اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھا کرے اس پر مداومت کرنے سے ہر قسم کی حاجات دینی و دنیاوی روا ہونگی۔

اور معلوم ہو کہ سورۃ فاتحہ ہر مرض لاعلاج کی شافع دعا ہے۔ مثلاً درد سر درد شقیقہ۔ درد ابرو۔ درد چشم۔ درد گوش۔ درد دندان سوزش حلق یعنی خناق اور خنازیر اور درد سینہ۔ درد پہلو۔ درد کمر۔ درد پیٹ۔ درد گردہ۔ درد عرق النساء۔ وجع المفاصل اور ہر قسم کے درد خواہ جسم میں کسی جگہ کیوں نہ ہو۔ مقام درد پر بسم اللہ پڑھتے ہوئے ہاتھ رکھ کر طاق مرتبہ سورۃ فاتحہ بسم اللہ کے میم کو الحمد کے لام سے ملا کر یعنی بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

انگو پڑھے اور جلنے وغیرہ پر دم کریں پس چند بار کے دم کرنے سے اللہ تعالیٰ شفا عطا کریگا اسی طرح ہر قسم کے ورم ۔ گمبھیر ۔ ناسور پر بھی دم کریں دم کرتے ہوئے ہی آرام معلوم ہوگا اور اسی طرح سورۃ فاتحہ بعد نقش ہر قسم کے زہریلے جانور مثلاً سانپ ۔ بچھو ۔ یا دیوانہ کتا کاٹنے کے لیے اکسیر ہے ۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ کا ایک نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں اور ایک نقش روزانہ دھو کر پلائیں اور جانے ڈنگ مار گزیدہ یا سگ دیوانہ پر اکتالیس مرتبہ دم کریں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا زہر دور ہوکر مریض تندرست ہوگا ۔ اسی طرح اگرچہ جنون ۔ مالیخولیا اور ہر قسم کے پاگل پن کے لیے کتب صوفیہ سے ثابت ہے کہ سورۃ فاتحہ سے ہر قسم پاگل پن کا علاج اس طرح کریں کہ روزانہ چینی کی رکابی پر سورۃ فاتحہ لکھ کر دھو کر یہ پانی مریض کو پلائیں اور صبح شام گیارہ گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر مریض کے منہ پر پھونکیں انشاء اللہ تعالیٰ پاگل ہوش میں آکر تندرست ہوگا ۔ اسی طرح اگر کسی مرض و علاج کے لیے سورۃ فاتحہ کا نقش لکھ کر صبح شام چالیس دن تک پلادیں ہر مرض سے شفا ہوگی ۔ اسی طرح اگر بے اولاد والی عورت کو پلائی جاوے تین مہینے کے بعد حاملہ ہوگی ۔ نقش یہ ہے :۔ ....

الحمد للہ	رب العالمین	الرحمٰن	الرحیم
مالک یوم الدین	ایاک	نعبد	وایاک
نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
انعمت	علیھم غیر	المغضوب علیھم	ولا الضالین
یاحی حین	لاحی فی دیمومۃ	ملکہ وبقائہ	یاحیُّ

برائے تسخیر خلائق :۔

جو شخص تسخیر خلائق چاہے تو عمل ذیل کا تین چلہ کرے کیونکہ یہ عمل حب خلائق کے لیے ہر خاندان کے مشائخوں کا معمول مجرب ہے ۔ عمل یہ ہے :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا خُدَّامَ الۡاِسۡمِ الۡبُدُّوۡحِ یَا جِبۡرَائِیۡلُ یَا دَرۡدَائِیۡلُ یَا رَفۡتَمَائِیۡلُ یَا تَنۡکَافِیۡلُ اُحۡضِرُوۡ قُلُوۡبَ مِنۡ کُلِّ اَوۡلَادِ آدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا الۡمُسَخَّرَاتِ لِیۡ بِحَقِّ یَا بُدُّوۡحُ۔

اوّل آخر درود شریف سَو سَو بار پڑھے اور ۳۰۰ مرتبہ عزیمت بالا کو پڑھے روزانہ صبح کو بعد نماز صبح کے۔ تو تسخیر کا اس قدر ہجوم ہو گا کہ جو بیان سے باہر ہے عامل کو چاہئے کہ نیک خلق ہو اور وسعت اور حوصلہ اختیار کرے اور خلقت کو کھانے اور کپڑا اور ہر طرح کا فائدہ پہونچائے کروڑوں آدمیوں کو فائدہ پہونچیگا اور جمع نہ کرے۔ لوگوں کا ہر طرف سے ہجوم ہوگا۔

اور جس شخص نے کمل شرح چلہ کرنا ہو وہ فقیر سے بلکہ باجازت سے چلّہ معلوم کر کے پورا عمل کریں تو پھر ہجوم تسخیر خلائق اس قدر ہو گا کہ بیان سے باہر ہے۔ ہر شخص عامل کا مطیع و مسخر ہوگا مجرب ہے۔

سُورۃ فاتحہ کے خواص:۔ حضرت امام غزالی صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے سورۃ فاتحہ کے خواص اس طرح بیان کئے ہیں کہ جو شخص اپنی کل حاجات دینی و دنیاوی کا روا ہونا چاہے اور ہر ایک مخالف اور عدو سے محفوظ رہنا چاہے۔ اور بھوک پیاس یا فقر و فاقہ کی محنت و آفت سے تنگ آگیا ہو تو وہ شخص سورۃ فاتحہ شریف کا ورد شروع کرے اس طرح سے کہ صبح کی نماز کے بعد ۱۲ بار پڑھے اور ظہر کے بعد ۲۲ بار۔ عصر کے بعد ۳۰ بار۔ مغرب کے بعد ۴۳ بار اور عشاء کے بعد دس بار پڑھے اوّل آخر تین تین بار درود شریف پڑھا کریں ہر قسم کی حاجات دینی و دنیاوی روا ہونگی۔ مجرب ہے جس کا دل چاہے تجربہ کر کے دیکھ لے۔ فقط۔

از پیر محبوب الٰہی دہلوی حال مقیم کوٹ شاہ زیریں ضلع منٹگمری۔

برائے فتوحات و خرچ لنگر کے لئے

روزانہ بعد نماز صبح مندرجہ ذیل وظائف جو کہ ہر خاندان قادریہ چشتیہ کے بزرگ روزانہ لنگر کے خرچ کے لئے پڑھا کرتے ہیں وہ یہ ہے۔

اول یہ درود شریف دس مرتبہ پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اس کے بعد یہ دعا یکصد بار پڑھے۔ يَا مُعْطِيَ مَنْ يَّسْئَلُهٗ وَيَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اس کے بعد ٢٦٠ بار یہ استغفار پڑھے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ غَفُوْرٌ الرَّحِيْمِ اس کے بعد یکصد بار یہ کلمہ پڑھے۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اس کے بعد ٣٠٠ بار یہ اسم پڑھے۔ يَا غَنِيُّ الْغَنِيُّ بِرَحْمَتِكَ اَلْوَاسِعِ۔ اس کے بعد اسم وہاب اس طرح پڑھے۔ يَا وَهَّابُ هَبْلِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اس کے بعد یہ دعا ہفت مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ ابْتَدَيْتُ وَبِكَرَمِكَ اَنْتَدَيْتُ وَبِنُوْرِ قُدْسِكَ اهْتَدَيْتُ وَبِفَضْلِكَ اسْتَغْنَيْتُ وَاَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

اس کے بعد پھر درود شریف مذکورہ بالا دس مرتبہ پڑھے۔ پس تمام عالم عامل کی طرف رجوع ہوگا۔ اور ہر قسم کی فتوحات کے دروازے کھل جاویں گے اور ہر قسم کی فتوحات اس کے پڑھنے والے کو ہوں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ مجرب المجرب عمل ہے۔

ابضاً:۔ اگر کوئی شخص اس نقش مثلث کو عروج ماہ بروز اتوار ساعت شمس

میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بھی تمام عالم اس عامل کے پاس مسخر ہو کر کمال رجوعات ہوگی۔ جہاں جائیگا باعزت رہیگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

ایضاً برائے فتوحات کے دروازہ کھولنے اور فقرو فاقہ کو دُور کرنے کے لئے ایک دُعا حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف شدہ تحریر کرتا ہوں جو کہ یہ ہے:۔

۶۸۶

اللہ اللہ اللہ

۱۰۰۵	۱۰۱۰	۱۰۰۳
۱۰۰۴	۱۰۰۶	۱۰۰۸
۱۰۰۹	۱۰۰۲	۱۰۰۷

اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِیُٔ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

امام صاحب امام غزالی علیہ الرحمۃ تمام علماء دین فرماتے ہیں کہ جس شخص نے اس دُعا کو بعد نماز جمعہ سے شروع کیا کہ وہ زمانہ ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہیگا تو خدا تعالیٰ اس دُعا کے پڑھنے والے کو مخلوق سے غنی کر دیگا اور ایسی جگہ سے رزق دیگا جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا اور تمام مخلوق سے بے پرواہ ہو جائیگا مجرب المجرب عمل ہے۔

ہر قسم درد بدن

درد خواہ بدن میں کسی جگہ کیوں نہ ہو ہر قسم کے درد کے دفع کے لئے اپنا مجرب و معمول عمل درج کرتا ہوں وھو ھذا۔

درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر کہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ وَبِعِزَّتِہٖ وَقُدْرَتِہٖ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ مِنْ وَجْعِیْ ھٰذَا۔

طریقہ دم کرنے کا یہ ہے کہ جائے درد پر بسم اللہ پڑھ کر ہاتھ رکھے اور ساری دعا کو مع بسم اللہ اول ایک بار پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ اٹھائیں۔ پھر بدستور ہاتھ رکھ کر تین بار پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ اٹھائیں پھر بدستور ہاتھ رکھ کر پانچ بار دم کریں اور ہاتھ اٹھائیں پھر بدستور ہفت بار پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ اٹھائیں۔ پھر بدستور نو مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر بدستور گیارہ بار دم کریں پھر بدستور تیرہ بار دم کریں اور ہاتھ اٹھائیں۔ پس ہر قسم کا درد بدن خواہ کسی قسم کا درد کیوں نہ ہو۔ مثلاً دردِ سر۔ دردِ چشم۔ دردِ کان۔ دردِ دانت۔ دردِ سینہ۔ دردِ پیٹ۔ دردِ قولنج۔ دردِ گردہ۔ دردِ عرق النساء۔ دردِ وجع المفاصل وغیرہ ہر قسم کے درد جاتے رہیں گے۔ یہ عمل خاص الخاص ہے اور معمولات فقیر حقیر محبوب الٰہی کا ہے جس نے اس عمل کو کرنا ہو فقیر سے اجازت لیکر کریں۔

ایضاً۔ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ درد عرق النساء و دبل۔ جذور۔ ورم ہر قسم۔ اور وجع ہر قسم کے لئے مقام درد پر ہاتھ رکھ کر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھے اور پھر سات بار کہے۔ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ۔ شفا ہوگی مجرب ہے۔

برائے عرق النساء

ہفت تار سوت کے نابالغ لڑکی کے ہاتھ سے کتوا کر نیچے کی آیت کو ہفت مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگا دیں۔ اسی طرح ہفت گرہ لگا دیں آیت یہ ہے:۔ وَ اِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ یُحْیِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَ یُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ اور پھر دھاگہ کو مقام درد پر باندھیں بفضلِ تعالیٰ

درد عرق النساء بالکل جاتا رہے گا مجرب ہے۔

ایضاً برائے عرق النساء کی دوسری ترکیب یہ ہے کہ ہفت تار نابالغ لڑکی کے کتے ہوئے پر یہ آیت یعنی اَیَّتُھَا الْعِرْقُ الْآٰ نِتُ فِی الْجِسْمِ الَّذِیْ یَمُوْتُ مَتْ مَتْ مَتْ بِاِذْنِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ۔ ہفت بار پڑھ کر ہفت گرہ لگا کر درد کے مقام پر باندھ دیں۔ تو درد عرق النساءٗ جاتا رہیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دردِ زہ

دردِ زہ کے لئے اس نقش کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھیں بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً نقش کھول دیں اور حضرت پیران پیر محبوب سبحانی کی حب توفیق نیاز دیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

محمد	بیاید	ہوائے	سفر
بیاید	کرمیند	سفر	درسفر
ہوائے	سفر	دوستی	اے پسر
سفر	درسفر	اے پسر	خوب تر

دیگر۔ ایک کاغذ پر یہ آیت تحریر کیجئے۔ وَاَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ اِلٰھِیَا اِشْرَاھِیَا پاک کپڑے میں سی کر عورت کی بائیں ران میں باندھے۔ بسہولت بچہ پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے درازی عمر و حفظ از مرگ

شیخ محمد بن یوسف سنوسی حسینی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس آیت شریف سورۃ توبہ کی آخری آیت لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ

اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ الرَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۝ دن بار ات میں پڑھیگا اُس دن نہ مریگا اور نہ مقتول ہوگا۔ ورنہ کوئی زخم آہن اُس کو لگیگا۔

اگر صبح کو پڑھیگا تو شام تک نہ مریگا اگر شام کو پڑھیگا تو صبح تک نہ مریگا انشاء اللہ تعالیٰ مجرب ہے۔

برائے حفاظت مکان: سورۂ فیل کو ایک ظرف خام گلی پر لکھ کر گھر کے اندر دفن کریں پس وہ مکان محفوظ رہیگا جب تک کہ ظرف اس میں باقی رہیگا وَذَالِكَ مَشْهُوْرٌ مُجَرَّبٌ۔

برائے زندہ اولاد: جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ اکیس ۲۱ بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لکھ کر اپنے پاس [illegible] انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہیگی۔ بسیار مجرب است۔ مؤلف۔

سُوْرَۂ یٰسٓ: حاجت بر آنے کے لئے سورۂ یٰسین کا اس طرح پڑھنا نہایت مفید ہے۔

اوّل تین بار درود شریف پڑھ کر لفظ یٰسین پڑھے اور جب مبین پر پہونچے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ نستعین تک پڑھے اور شہادت کی انگلی کھڑی کر کے اذان کے تمام کلمات کہے (یعنی پوری اذان پڑھے) جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِيْمِ پر پہونچے اس آیت کو سات بار پڑھے۔ اس کے بعد یَا سَلَامُ یَا رَبُّ یَا رَحِیْمُ ان تینوں اسموں کو سات سات بار پڑھے جب ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ پر پہونچے اس آیت کو سات بار پڑھ کر یَا قَدِیْرُ یَا عَزِیْزُ یَا عَلِیْمُ سات سات بار کہے۔ جب مِثْلَهُمْ پر پہونچے تین مرتبہ اس کلمہ کو کہے۔ سورہ تمام ہونے کے بعد

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ تک پڑھ کر شہادت کی اُنگلی سے اشارہ کرکے اذان کے کلمات کہے اور سورہ فاتحہ الحمد شریف (پوری کہے ۔ اور درود شریف ۔ لاحول ۔ ذوالجلال والاکرام ۔ یاارحم الراحمین ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ ہر ایک سو سو بار پڑھے ۔ پھر تین بار درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب جناب عالم ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بخشے ۔ اور جناب الٰہی سے اپنی حاجت اس سورہ کے واسطے سے مانگے ۔ اگر اس درمیان میں کام ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ چالیس روز تک پڑھے ۔

سورۂ مزمل پڑھنے کا طریقہ ۔ سورہ مزمل اس ترتیب سے پڑھے کہ اول یَا اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ پڑھے اس کے بعد پڑھے زَمِّلْنِیْ ۔ زَمِّلْنِیْ ۔ زَمِّلْنِیْ بِقَدْرِ نَعْتِ الْحَبِیْبِ وَاَدْرِكْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا اَحْمَدُ اکتالیس بار صبح کی نماز کے بعد ۔ یا عصر و مغرب یا مغرب و عشاء کے درمیان ۔ اگر تمام سورہ کامل پڑھے حسب ذیل کو پڑھے ۔ یا اللہ ۔ یا اسرافیل یا اسمو طیشا بحق یا اللہ یا بدوح یا جبرئیل پھر کہے قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَهٗ آخر تک جب رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ پر پہونچے اس کلمہ کو گیارہ بار کہے اور جب کلمہ سَبِیْلًا پر پہونچے یا عزیز الوہاب پانچ بار پڑھے ۔ اول و آخر درود شریف سینتالیس بار پڑھے ۔ اسی طرح اس سورہ کو چالیس بار پڑھے اور کسی سے کسی قسم کی حاجت طلب نہ کرے سوائے جناب کبریا جل جلالہٗ وسبحانہٗ وتعالیٰ کے کہ وہی مراد کو پہونچائے گا۔

برائے درد سر ۔ عامل اپنا ہاتھ درد والے کے سر پر رکھ کر تین یا سات مرتبہ یہ دعا پڑھے ۔

بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء بسم اللہ الذی اسمہ برکۃ و شفاء بسم اللہ الذی بیدہ الشفاء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد کو آرام ہو جائیگا۔

برائے دفع جن۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ھذا الکتاب من محمد رسول رب العالمین الی من طرق الدار من العمار والزوار والصالحین الا طارقا یطرق بخیر یا رحمٰن اما بعد فان لنا ولکم فی الحق سعۃ فان تک عاشقا مولعا او فاجرا مقتحما او راعیا حقا مبطلا ھذا کتاب اللہ ینطق علینا وعلیکم بالحق انا کنا نستنسخ ما کنتم تعملون ورسلنا یکتبون ما تمکرون اترکوا صاحب کتابی ھذا وانطلقوا الی عبدۃ الاصنام والی من یزعم ان مع اللہ الٰھا آخر لا الٰہ الا ھو کل شیٔ ھالک الا وجھہ لہ الحکم والیہ ترجعون تغلبون حٰم لا ینصرون حٰمٓ عٓسٓقٓ تفرق اعداء اللہ وبلغت حجۃ اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔ مریض کی گردن میں باندھے شفا ہو جائیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے غلام فرار شدہ۔ لوہے کے قفل پر اکیس بار سورہ فاتحہ پڑھے۔ غلام کے نام سے قفل بند کرے۔ اور نئی ہانڈی میں یہ قفل اور پانی ڈالکر چولھے پر رکھے اور اس کے نیچے تمام روز آگ سلگائے غلام حاضر ہو جائیگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے ہر حاجت۔ مرقومہ ذیل رباعی ہر حاجت کیواسطے ہر نماز کے بعد ۱۰۰ بار پڑھے حاجت پوری ہو جائیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ رباعی یہ ہے

اے زلف سیاہ تو بلائے دلِ من ۔۔۔ وے لعل لب گرہ کشائے دلِ من

من دل ندہم بکس برائے دل تو   تو دل ندہی بکس برائے دل من

پیشاب پاخانہ کا بند پڑنے اور کنکری کے لئے یہ آیات لکھ کر مریض کو پلائے بند کھل جاوے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثًّا وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً۔

ایضاً یہ آیت لکھ کر پلائے:۔ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا۔

ایضاً یہ آیت قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ قُلْ عَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا۔

ایضاً سورۃ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ بھی اس غرض کے لئے مفید ہے۔

پیشاب کے بند کیلئے یہ آیت بھی نہایت مفید ہے۔ فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلٰى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ لکھ کر گلے میں باندھے۔

برائے سلسل بول و سیلان خون۔ زیادتی حیض و دائمی نکسیر وغیرہ لکھ کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو جائیگی:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ۔ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ۔

بدمزاج بچے کیواسطے لکھ کر گلے میں باندھے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَلَبِثُوْا فِیْ کَھْفِھِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا۔ یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا۔

نظر بد کیلئے ہلدی کی چند گرہ پر تین تین مرتبہ کلمہ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ پڑھ کر دم کرے اور آگ میں ڈالکر اس کا دھواں مریض کو پہنچائے۔

برائے ہچکی۔ سات چاول سالم لیکر ہر چاول پر سات سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھے اول و آخر تین بار درود شریف پڑھے اور پکا کر کھلائے۔

برائے درد سر مریض کے سر پر یَا بَاسِطُ لکھے انشاء اللہ تعالیٰ مرض رفع ہو جائے گا۔

برائے دفع ناراضگی۔ اگر کوئی کسی سے ناراض ہو اور اس کو راضی کرنا چاہے اسم یَا وَدُوْدُ ہر روز ہزار بار پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ بفضل خدا وہ راضی ہو جائیگا۔

رفع حاجت اور غائب کو حاضر کرنے اور نجات مہم کے واسطے صبح کی سنت و فرض کے درمیان ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھے۔

دیوانہ کتے کے کاٹنے کے لیے۔ کہ جس سے دیوانہ ہونیکا خوف ہو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھے۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ہر روز ایک ٹکڑا سگ گزیدہ مریض کو کھلائے۔

جو شخص بادشاہ سے ڈرتا ہو۔ کٓهٰيٰعٓصٓ کہہ کر ہر حرف کے ساتھ دائیں ہاتھ کی انگلی بند کرے۔ اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کہہ کر ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلی بند کرے۔ پھر جس شخص سے ڈرتا ہے جب اس کے سامنے جائے دونوں ہاتھ کھول دے۔

تمام امراض کے لئے۔ یہ چھ آیات کہ ان کو آیات شفاء کہتے ہیں چینی کے پیالہ یا کسی اور چیز میں لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے تین روز یا سات روز تک انشاء اللہ تعالیٰ شفاء پائیگا۔

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۔ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۔ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۔ وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۔ وَقُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ۔

ہر قسم کے نفع کے لئے قرآن مجید میں ۳۳ آیتیں ہیں۔ یعنی جادو کیلئے شیطانی اثر۔ چور و درندے کے لیے نہایت موثر ہیں ان کو لکھ کر پلائے یا دم کرے یا مریض کو حکم کرے کہ وہ خود پڑھے۔

حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے کہ جو شخص ان آیتوں کو یک بار صبح، یک بار شام پڑھے امان الٰہی میں ہے۔ اور کسی اسم و دعاء کا اس پر اثر نہیں ہو سکتا اور شیطان و بد خواہوں کے شر سے محفوظ رہیگا۔ آیات یہ ہیں۔ چار آیات اوّل سورہ بقرے اور آیت الکرسی اور دو آیت بعد آیۃ الکرسی خالدون تک اور تین آیت آخر سورہ بقر لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ آخر تین آیت سورہ اعراف سے اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰهُ تا مُحْسِنِیْنَ اور آخر بنی اسرائیل قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ الخ اور دس آیتیں اول صافات سے لَازِبٍ تک۔ اور دو آیتیں سورہ الرحمٰن سے یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ سے تَنْتَصِرٰنِ تک اور آخر سورہ حشر لَوْ اَنْزَلْنَا الخ اور دو آیتیں سورہ جن کی قُلْ اُوْحِیَ سے شَطَطًا تک ان آیتوں کا نام ثلث و ثلثون آیت ہے۔ اور بعض ان پر یہ سورتیں زیادہ کرتے ہیں۔ سورہ فاتحہ۔ سورہ کافرون۔ سورہ اخلاص اور معوذتین اور سورہ جن کی شروع

کی آئیں قُلْ اُوْحِیَ سے شَطَطًا تک۔

برائے مرض چیچک جس وقت چیچک ظاہر ہوجائے نیلے دھاگے کے تار تُکَذِّبٰنِ کے کلموں کی برابر بٹے جائیں جو سورہ الرحمٰن میں ہے پھر سورۂ رحمٰن کو پڑھے۔ جس وقت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر پہونچے اس دھاگہ پر دم کرکے گرہ لگائے یہاں تک کہ سورہ تمام ہوجائے۔ پھر بچے کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض دفع ہوگا اور صحت ہوجائیگی۔

برائے حاجات:۔ یَا مُوْنِعَ الْقَبَآئِبِ یَا الْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ روزانہ بارہ روز تک پڑھے حق تعالیٰ شانہٗ اپنے فضل و کرم سے حاجت پوری فرماویگا۔

سجدہ حاجت کیلئے ۔ چار رکعت اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ اور دوسری رکعت میں سو مرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اور تیسری رکعت میں سو مرتبہ فَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ اور چوتھی رکعت میں سو مرتبہ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پھر سلام پھیر کر سو مرتبہ پڑھے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

برائے جن و شیاطین کہ گھر میں پتھر پھینکتے ہیں۔ اس آیت کو پڑھے اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا ۔۔۔ رُوَیْدًا تک چار میخ لوہے کی لیکر ہر ایک پر پچیس پچیس بار پڑھے اور گھر کے ہر ایک گوشہ میں ایک ایک دفن کردے۔

ایضاً اصحاب کہف کے نام لکھ کر گھر کے چاروں طرف چسپاں کرے۔

جس عورت کے صرف لڑکی ہوتی ہو۔ عورت کے پیٹ پر شہادت کی انگلی سے گول دائرہ کھینچے ستر بار۔ اور ہر بار انگلی پھراتے وقت یامتینُ کہے۔

بانجھ عورت کیواسطے۔ ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے لکھے یہ آیت شریفہ وَلَوْ اَنَّا قُوْاَنًا تا جَمِیْعًا عورت کی کمر میں باندھے حمل قرار پائے انشاءاللہ تعالیٰ۔

ایضاً لونگ کے چالیس دانوں پر آیت اَوْ کَظُلُمٰتٍ تا نُوْرٍ ہر ایک دانہ پر سات سات مرتبہ پڑھے۔ پھر اس کو ہر روز ایک ایک دانہ کھلائے۔ اور حیض کے بعد غسل کرنے پر شروع کرے اور شوہر ان ایام میں بیوی کے ساتھ خلوت کرے۔

برائے حفاظت حمل۔ اسم تار دھاگہ زعفران میں رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر لیکر یہ آیتہ شریفہ وَاصْبِرْ مَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ اور سورہ قُلْ یَاۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ سات مرتبہ دم کرے اور ہر بار دھاگے میں گرہ لگائے اور عورت کی کمر میں باندھے۔

جس عورت کے صرف لڑکی ہوتی ہو تین ماہ حمل کے گذرنے سے پیشتر ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے یہ آیت شریفہ لکھے اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى تا مُتَعَالِ اور آیتہ یٰزَكَرِیَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ تا سَمِیًّا پھر لکھے بِحَقِّ مَرْیَمَ وَعِیْسٰی اٰتِنَا صَالِحًا وَّلَدًا نِ الْمُرْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمَا وَسَلَّمَ۔ کمر میں باندھے اللہ تعالیٰ اس کو لڑکا مرحمت فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے قرار حمل۔ اسم یامُبْدِئُ تین کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے۔ شروع ماہ میں تین روز تک ایک ایک کھلائے۔ اور آیتہ اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ

كُلُّ أُنْثٰى۔ متعال تک لکھ کر کمر میں باندھے۔ فضلِ خدا سے حمل قرار پائے۔

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو۔ اجوائن و سیاہ مرچ لیکر دونوں پر ظہر کے قریب پیر کے دن سورہ والشمس چالیس مرتبہ اور ہر بار سورہ کے شروع اور آخر میں درود شریف پڑھے۔ پس تھوڑی تھوڑی کھلائے حمل قرار پانے کے دن سے بچہ کے دودھ چھڑانے کے دن تک۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہیگا اور عمر دراز پائے گا۔

جس مریض کے علاج سے طبیب عاجز ہو جائیں۔ سفید چینی کے پیالہ میں دیا یکسی اور پیالہ میں یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ۔ اور بعض کے نزدیک اس پر سورہ فاتحہ زیادہ کرتے ہیں۔ چالیس روز لکھ کر پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفا پائے گا۔

گم شدہ چیز کے لئے یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس بار پڑھے بغیر کسی زیادتی کے پھر اسی قدر یعنی ایک سو انیس مرتبہ یہ پڑھے یَا بُنَیَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ۔ انشاءاللہ تعالیٰ گم شدہ مل جائے گی۔

برائے تپ ولرزہ یہ عبارت لکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْحَكِیْمِ اِلٰی اُمِّ مِلْدَمٍ الَّتِیْ تَاْكُلُ اللَّحْمَ وَتَشْرَبُ الدَّمَ وَتَهْشِمُ الْعَظْمَ اَمَّا بَعْدُ یَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ مُؤْمِنَةً فَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِنْ كُنْتِ یَهُوْدِیَّةً فَبِحَقِّ مُوْسَی الْكَلِیْمِ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَاِنْ كُنْتِ نَصْرَانِیَّةً فَبِحَقِّ الْمَسِیْحِ عِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ اَنْ لَّا تَاْكُلِیْ لِفُلَانِ ابْنِ فُلَانَةٍ لَحْمًا وَّلَا تَشْرَبِیْ لَهٗ دَمًا وَّلَا تَهْشِمِیْ لَهٗ عَظْمًا وَتَحَوَّلِیْ عَنْهُ اِلٰی

مَنِ اتَّخَذَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ وَاِلَّا فَاَنْتَ بَرِيْئَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاللّٰهُ بَرِىْءٌ مِّنْكَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

برائے تپ مجرب ہے۔ کٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا۔ تا شَقِيًّا لکھ کر مریض کے سر پر باندھے اور آیہ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ لکھ کر دھو کر پلائے۔

برائے خنازیر۔ کچے چمڑے کا ایک تسمہ مریض کے قد کے برابر لے۔ اور اس میں اکتالیس ۴۱ گرہ دے۔ ہر گرہ دینے کے وقت کہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُوَّةِ اللّٰهِ وَعَظَمَةِ اللّٰهِ وَبُرْهَانِ اللّٰهِ وَسُلْطَانِ اللّٰهِ وَكَنَفِ اللّٰهِ وَجِوَارِ اللّٰهِ وَاَمَانِ اللّٰهِ وَبَهَاءِ اللّٰهِ وَحِرْزِ اللّٰهِ وَصُنْعِ اللّٰهِ وَكِبْرِيَاءِ اللّٰهِ وَكُلِّ اللّٰهِ وَبِهَاءِ اللّٰهِ وَجَلَالِ اللّٰهِ وَكَمَالِ اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ پھر اس چمڑے پر دم کر کے گرہ دے یہاں تک کہ ۴۱ گرہ پوری ہو جائیں۔ پھر مریض کے گلے میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو جائیگی۔

برائے ضعف بصر۔ ہر نماز فرض کے بعد تین مرتبہ پڑھے فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ اور آنکھ پر دم کرے۔

برائے مرگی۔ تانبے کے پترے پر ایک طرف، اتوار کی پہلی ساعت میں يَاقَهَّارُ اور دوسری طرف يَامُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَامُذِلُّ اور گردن میں لٹکائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا پائیگا

برائے چھٹکارا قیدی کے و آسانی مشکل۔ عشاء کے بعد ۵۰۰ مرتبہ پڑھے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ وصلوٰۃ التنجینا الخ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ خلاصی پائیگا۔

فتوحات و تمام امراض کیلئے۔ اس نقش کو لکھ کر مریض کو دھو کر پلائے۔ اور دیگر امور کے لیے پاک کپڑے میں سی کر داہنے بازو یا گلے وغیرہ میں باندھے۔

درد سر کے لیے پیشانی میں باندھا جائے

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

محبت زوجین کیلئے دہنے بازو میں باندھنا چاہئے۔ اور خوشبو بھی لگائی جائے:۔

۷۸۶

يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ياغفار	وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ - ياكريم	وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ياكريم	اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ياودود
اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ياودود ۱۲	وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ياكريم	وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يارحيم ۲	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يالطيف ۱۳
وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يالطيف	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يارحمن ۹	اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ	وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ يارحمن ۲
وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ يارحمن	اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۳	يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ياكريم ۵	وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يارحيم

بواسیر کے لئے کمر میں پشت پر باندھنا چاہئے:۔

یارحیم کل صریخ ومکروب وغیاثہ ومعاذہ یارحیم

محمد شبیر قادری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اعمال حزبُ البحر

تسخیر مہر و قہر

دُعاء حزبُ البحر کے متعلق تمام علماء شریعت و طریقت اور ہر گروہ و ہر فرقہ والوں سے بالاتفاق ثابت ہے کہ دُعاء حزب البحر جامع و عمل ہے اور تمام مطالب دینی و دنیوی و فوائد منافع بسیار ہیں۔ کیونکہ اس کی تلاوت کرنے والا ہر بلا اور ہر آفت سے محفوظ رہتا ہے۔ اور عزت و مرتبہ دین و دنیا میں بڑھاتی ہے اور جس کام کے واسطے پڑھو وہ جلد آسان ہو جاتا ہے اور زمانے کے صدموں سے محفوظ رہتا ہے۔ اور نہ آگ میں جلتا ہے۔ اور نہ پانی میں ڈوب کر مرتا ہے یا اور کسی قسم کا ہتھیار اس پر چلتا ہے۔ اور نہ کسی قسم کی گولی یا بم اس کے عامل پر اثر کرتا ہے۔ کیونکہ اگر ہزار ہا آدمی مع ہتھیاروں کے عامل حزب البحر پر حملہ آور ہوں۔ تو بھی عامل کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ کیونکہ حزب البحر کا عامل اگر تھوڑا سا اشارہ کر دے۔ تو ان کے تمام ہتھیار بے کار ہو جاتے ہیں۔ اور ہر قسم کی ان کی ہمت پست ہو جاتی ہے۔ اور بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ جو کوئی اس دعا کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو وہ اولیاؤں میں شمار ہو گا غرضیکہ یہ ایسی مفید اور کارآمد دعا ہے کہ جس کی بڑے بڑے عملکار نے شرحیں لکھی ہیں۔ اور انواع اقسام کے فیض و برکات حاصل کیے ہیں۔ اور کیوں نہ ہو۔ کہ یہ دعا ایسے فاضل اجل کامل اکمل کی مؤلفہ ہے کہ جن کا نام نامی شیخ

نورالدین ابوالحسن علی بن عبداللہ بن عبدالحمید المغربی شاذلی الیمنی تھا۔ جو قریہ غماڑہ میں ۵۹۳ھ میں پیدا ہوئے اور بالغ ہونے پر اسکندریہ سکونت پذیر ہوئے وہاں کے بڑے بڑے لوگوں نے آپ کی فیضِ صحبت سے فائدے اٹھاتے ہیں اولیائے کبار اور مشائخ ذی اعتبار سے مشہور تھے۔ الغرض کمالات سے سراسر معمور تھے۔ اور ۶۵۶ھ میں بمقام صحرائے عیذاب ساحل کے قریب رحلت فرمائی۔ اور اس جگہ کا پانی کھاری تھا۔ جب آپ مدفون ہوئے تو بابرکت وجود آپ کے پانی اس جنگل کا میٹھا ہو گیا۔ اور بعض مورخین نے لکھا کہ آپ مکہ میں مدفون ہیں۔ اور اس دعا میں شیخ علیہ رحمت نے اپنے علم وسیع کی وجہ سے یہ کمال کیا ہے کہ جہاں جو فقرہ جلالی لائے ہیں۔ اس کے برابر میں کلمہ جمالی لائے ہیں۔ اس وجہ سے اعتصام اور اختتام پڑھنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ خود شیخ نے سب مراتب کی رعایت رکھی ہے۔ اس واسطے میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو اول آخر حزب البحر کے اعتصام اور اختتام پڑھتا ہے۔ واسطے قوت بیضے جلالیا حروف کے دعا جمالیہ پڑھتا ہے۔ اگرچہ یہ دعا شاذلیہ خاندان کے ایک بزرگ کی ہے۔ لیکن تمام خاندانوں کے بزرگ اور مشائخ عظام نے اس کا ورد اپنے ہاں جاری رکھا ہے۔ چنانچہ ہندوستان و پاکستان میں سلسلہ قادریہ۔ نقشبندیہ۔ سہروردیہ اور چشتیہ کے نامور متوسلین میں اس کے رواج کے ثبوت موجود ہیں۔ اور آج تک کوئی گھر ایسا نہیں ہے۔ کہ جس کی بلک میں کسی سلسلے کی نسبت سے وقعت کی جاتی ہو۔ اور وہاں حزب البحر کا عمل جاری نہ ہو۔ اب آخر اس زمانے میں قطب وقت حضرت مولانا شاہ فضل الرحمان صاحب گنج مراد آبادی رحمت اللہ علیہ حزب البحر کے بہت بڑے عامل تھے۔ ایسے ہی حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی بھی اس کے

ممتاز عاملوں میں سے تھے۔ اور پھلواری شریف میں عارف کامل حضرت شاہ بدرالدین چشتی و قادری اور حضرت مولانا سید شاہ سلیمان صاحب چشتی قادری اور گولڑہ شریف میں حضرت پیر سید مہر علی شاہ صاحب چشتی نظامی اور بھرڑ و نج ضلع گجرات میں حضرت قبلہ پیر صلے علی شاہ صاحب اور آپ کے خلیفہ قبلہ عالم پیر و مرشد فقل ہو اللہ شاہ قادری بانوا حزب البحر کے بہت بڑے عامل تھے۔ ان کے علاوہ دُنیائے اسلام میں حزب البحر کے ہزاروں ایسے عامل گذرے ہیں۔ کہ جن کے کمالات کے افسانے اگر بیان کیے جائیں۔ تو نئی روشنی کے لوگ جھٹ کہہ کر تیوری پر بل ڈال لیں یا مُسکرائیں۔ اور منہ پھیر لیں۔ اور کہیں یہ سب توہمات کی باتیں ہیں۔ اور دماغی کمزوریاں ہیں لیکن اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ کہ زمین کے اوپر درحقیقت حزب البحر کے بڑے بڑے عامل گزرے ہیں۔ اور اب بھی موجود ہیں۔ اس دعا کی تاثیر سے عادت اور فطرت کے خلاف عجیب و غریب کرشمے دکھا سکتے ہیں یعنی اس دعا کی قوت سے بڑے بڑے طاقتور ظالم کو ہلاک کر سکتے ہیں۔ اور غیبی خزانوں پر قبضہ پا سکتے ہیں۔ اور جس سنگدل جفا کار کو مطیع و فرمانبردار یا غلام بنانا چاہے تو بنا سکتے ہیں۔ ملک شام کے شہروں اور بلادِ افریقہ میں خصوصًا مراکو میں فنِ اعمال کے کامل بکثرت موجود ہیں۔ ہندوستان میں بھی کمی نہیں ہے۔ مشہور اور اونچی دو کانوں کی نسبت تو کہہ نہیں سکتا۔ کہ ان میں پکوان پھیکے ہیں یا میٹھے لیکن یہ دعویٰ ذاتی مشاہدات کی بناء پر کر سکتا ہوں کہ ہندوستان اور پاکستان کے ظلمات میں جگہ جگہ آبِ حیات کے چشمے بہہ رہے ہیں۔

حزبُ البحرْ

یہ وہ دعا ہے کہ حضرت سید ابوالحسن شاذلی قدس اللہ جب سمندر میں جہاز پر سوار ہو کر حج کے لیے جا رہے تھے۔ اور ہوا نے مخالفت کی۔ اور لوگ وہم و ہراس میں تھے۔ اور مایوسی کا عالم تھا۔ اس وقت آپ حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مُشرف ہوئے۔ اور آپ کو یہ دُعائے مبارک تلقین فرمائی گئی۔ آپ نے خود پڑھی اور لوگوں سے پڑھوائی۔ اس کی برکت سے ہوا موافق چلی اور سب لوگ منزل مقصود کو پہنچ گئے۔ جہاز کا نصرانی کپتان اور دیگر غیر مذاہب اشخاص اس کرامت سے مشرف باسلام ہوئے۔ یہ قصہ عام کتب مناقب و سیر و کشف الظنون جلد اول صفحہ ۳۲۳ میں بھی مختصر و مطول درج ہے۔ اور اس دعا کے متعلق حضرت شاذلی رحمۃ اللہ علیہ یوں فرماتے ہیں۔ واللّٰہ لقد اخذتہ من فی رسُولِ اللہ حرفاً بحرفٍ یعنی یہ الفاظ میں نے خود نہیں تراشے ہیں۔ بلکہ ایک ایک حرف حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دہن مبارک سے لیا ہے ؎

در جلہ جہاں دیدم فیضانِ محمدؐ را
دیدم ہمہ ذرّہ فرمانِ محمدؐ را

در کسوتِ ہر زاہد در طاعت ہر عابد
دیدم ہمہ یکسر ثنایانِ محمدؐ را

اے نصر من و احمد یک جانم و دو قالب
دیدم ہمہ قالب یک جانِ محمدؐ را

صحیح نسخہ دُعا حزبُ البحر

حضرت شیخ عطاء اللہ الاسکندری المورث خلیفہ حضرت ابی العباس المرسی نے اپنے حضرت اور اعلیٰ حضرت کے حوال میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام نامی لطائف المنن فی مناقب ابی العباس و شیخہ ابی الحسن ہے۔ اور وہ مصر میں چھپ بھی گئی ہے۔ اس میں یہ دُعا اسی طرح ہے جس طرح میرا طریقہ ورد ہے۔ ذرا بھی فرق نہیں ہے۔ البتہ میرے ورد میں لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم زیادہ ہے۔ اور اس میں نہیں ہے مگر ابن بطوطہ سیاح نے جو یاقوت العرش خلیفہ حضرت سیدی سے نقل کیا ہے۔ اس میں یہ حوقلہ بھی داخل ہے۔ اسفار ابن بطوطہ دیکھ لیجئے۔ الغرض میں کہہ سکتا ہوں کہ ہمارا ورد بعینہ خلفائے خاص اور خلفاء سے منقول اور اصل کے مطابق ہے۔ پس اس کو تمام اختلافات ورد پر ترجیح ہے۔ علاوہ ازیں یہ فقیر حقیر نثار عاشقان سید محبوب الٰہی شاہ صاحب کو اجازت حضرت خواجہ قبلہ عالم پیر و مرشد فضل محمد اللہ شاہ صاحب پھولچی سے اور ان کو اجازت حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب سے اور ان کو حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی سے اور موصوف نے حضرت سیدی کے خاندان کے خاص ایک بزرگ سید زین العابدین سے بمقام نہر مخا اجازت حاصل کی تھی۔ پس بمقتضائے اصل ایست اور ائے بماقیہ میں اس ورد کو اور اختلافات پر ترجیح دونگا۔

فوائد و برکات دعائے حزبُ البحر

اس مبارک حزب البحر کے فوائد و برکات کیا ہیں۔ اس میں اللہ تعالیٰ کا

اسم اعظم ہے جس کی شان ہے:۔

اِذَا سُئِلَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا دُعِيَ بِهٖ اَعْطٰى

یہ مصائب سے بہترین بچاؤ ہے۔ اور اس میں تفریج کرب ہے۔ خود حضرت سیدی ابوالحسن شاذلی فرماتے تھے۔ لَوْ ذُکِرَ حِزْبِیْ فِیْ بَغْدَادَ لَمَا اُخِذَتْ۔ یعنی اہل بغداد اگر میری اس دعا حزب البحر کو جاری رکھتے تو کبھی غنیم ہلاکو اس کو نہ لے سکتا۔

اور بیسیوں فوائد ہیں سینکڑوں برکات ہیں۔ جو حزب البحر کے مدام کو حسب صلاحیت نصیب حال ہوتی ہیں۔ مجھے بھی اس کا تجربہ و معائنہ ومشاہدہ ہے۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذَالِکَ

دعائے حزب البحر کے نصاب کا طریقہ

نصاب کا طریقہ قدیم سے یہی چلا آرہا ہے کہ ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے یعنی گوشت۔ گائے۔ مچھلی۔ دودھ۔ دہی۔ گھی اور وہ چیزیں جن میں یہ ملی ہوں۔ ان کو کھانا پینا اور پیاز۔ لہسن۔ مولی اور تمام بدبودار چیزیں ترک کر دیں۔ کیونکہ ان کے کھانے سے تاثیر عمل میں نقصان ہوتا ہے۔ اور روغنوں میں سے تل کے تیل یا روغن بادام کی اجازت ہے اور دریا یا تالاب کا پانی استعمال کرے۔ کھوہ اور نلکہ کا پانی استعمال نہ کرے۔ شروع ماہ قمری جو سعید ہو تو بہتر ورنہ ماہ صفر میں بدھ جمعرات جمعہ کو اعتکاف کی نیت کرکے روزہ رکھے۔ روزانہ دریا کے پانی سے غسل کرکے کپڑا بغیر سلا تہ بند اور ایک چادر بغیر سلی اوڑھے اور عطریات مثل لوبان وغیرہ جلائے۔ پھر جگہ پاک وصاف تنہائی میں اول دوگانہ ادا کرے۔ دونوں رکعتوں میں بعد فاتحہ کے گیارہ گیارہ مرتبہ سورت اخلاص

پڑھے۔ بعد سلام کے حضرت سید ابوالحسن شاذلی کی ارواح کو فاتحہ پڑھ کر بخشے۔ اور ان کی رُوحِ مبارک سے امداد کا طلبگار رہے۔ اس کے بعد ایک ایسی چھری کہ جس کا دستہ بھی لوہے کا ہو۔ اس پر آیۃ الکرسی تا عظیم تک سات مرتبہ اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ گرد باگرد ہزار در ہزار حصار بستم قفل لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہفت مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کرکے اپنے چاروں طرف زمین پر خط کھینچ کر دائرہ بنائے سامنے مغرب کی طرف سے شروع کرکے اور داہنی طرف سے لاکر پیچھے سے جاکر بائیں طرف سے ہوکر ابتدائے خط تک پہنچا کر اس جگہ اس کو زمین میں دھنسا کر چھری کو کھڑی ہی چھوڑ دے۔ اور قبلہ رُخ بیٹھ کر نصاب کی غرض سے آیات اعتصام اور دعا حزب البحر اور دعا انتقام کو بہ یک وضو پڑھے اور عود و لوبان کا بخور جلاتے رہیں۔ اور شب کو بھی اسی مقام پر آرام کریں۔ اور جو کچھ دیکھے کسی سے بیان نہ کرے۔ سوائے اجازت دینے والے کے اور بعد تعداد روزانہ ختم کرنے کے دعائے خاص کو بھی ہفت مرتبہ پڑھے۔ اور رہے پینے یا روٹی جو کی کھائے لیکن روٹی کو ٹکیوں پر پکائے۔ اس عمل کے لئے بالکل تنہائی ہونی چاہیے۔

طریقہ دعوت کبیر

دعوت کبیر ۲۱ روز میں تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار اس حساب کر روزانہ ایکسو بیس ۱۲۰ مرتبہ پڑھے ۳ روز میں بحسب شرائط تمام کرنے کے بعد قبولیت عمل کے واسطے ایک گائے یا ایک خصی بکرا راہِ خدا میں قربانی کرکے غربا و مساکین کو تقسیم کر دے۔

دعوت متوسط

بارہ دن میں تین سو ساٹھ بار تمام کرے یعنی روزانہ تیس ۳۰ مرتبہ

پڑھے اور ہر روز ایک مرغ صدقہ کرے۔ اگر ہو سکے تو نقدی بھی روزانہ صدقہ دے۔ یہ شرط فقط دعوت متوسط میں ہے۔

دعوت صغیر

چھ دن میں تین سو ساٹھ مرتبہ پورا کرے۔ روزانہ ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے یہ اعداد اس واسطے اختیار کیے ہیں کہ آفتاب کے تین سو ساٹھ درجے ہیں۔ تین مثلثوں میں یا بارہ برجوں کے ضمن واللہ اعلم بالصواب اور بعد تعداد روزانہ کے پوری کرنے کے بعد دعائے خاص ہفت مرتبہ پڑھے اس کے علاوہ باقی وقت میں درود شریف پڑھنے میں مشغول رہے۔ اور بعد نصاب کے روزانہ تین مرتبہ یعنی بعد نماز صبح و عصر و مغرب کے ایک ایک مرتبہ پڑھا کریں اور گائے کے گوشت سے ہمیشہ پرہیز رکھے کیونکہ جیسے دعائے ابجد مستند سے فائدہ ہوتا ہے ویسا ہی وہ اس کے شرائط اور احتیاط نہ کرنے سے نقصان بھی ہوتا ہے پس لازم اور واجب ہے کہ اس دعا کے عامل کو اتباع سنت اور اجتناب بدعت کا ہر دم خیال رکھے اور ممنوعات شرعیہ میں مبتلا نہ رہے اور بغیر اجازت مستحق کے زکوٰۃ دینے کی جرأت نہ کرے۔ اور اگر بعد زکوٰۃ کے بھی روزانہ ایک مرتبہ پڑھا کریں تو ح وفیض و برکات سے خالی نہ ہوگا اور بعد عمل زکوٰۃ ادا کرنے کے اکل حلال کی روزی کھایا کرے اور بازار کی کوئی چیز پکی ہوئی نہ کھائے سوائے سبز میوے کے اور کسی کے گھر کا کھانا نہ کھائے جب تک صحیح پتہ نہ کرے کہ ان کی روزی اکل حلال سے کمائی ہوئی ہے یا نہیں اور باوضو نمازی کے ہاتھ کے سوا بے نمازی کے ہاتھ کا مطلق نہ کھائے ورنہ عمل کی تاثیر نہ ہوگی۔

اب ہم نصاب و زکوٰۃ کے متعلق وہی چھ باتیں بتلا چکے تو اب

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ دعا کے پڑھنے کی ترکیب واسطے ہر حاجات کے یا جو جو فقرہ جس جس مقام اور مقاصد و مطلب کے واسطے مفید ہیں بیان کریں تاکہ حزب البحر کی سب خوبیاں بیان ہو جائیں اور کوئی مفید بات رہ نہ جائے تاکہ اس سے تمام مسلمانوں کو فائدہ پہنچے پس پڑھنے والے کو چاہیے کہ جو جو فقرہ اپنے مطلب کے موافق ہو وہ تلاوت بار بار کرے یا ستر دفعہ یا سات یا تین دفعہ تکرار کرے غرض جس قدر اس کا نفس منشرح ہو یا اس کے ساتھ کوئی اسم یا آیت شریف حسب مطلب اپنی پڑھے بعد اس کے حزب کو تمام کرے اور نہایت عاجزی و زاری سے خداوند تعالیٰ کی بارگاہ میں وقت بدعا ہو بہت جلد اپنے مقصد کو پہنچے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

پس اس جگہ چند خواص جو کہ خود فقیر حقیر سید پیر محبوب الٰہی شاہ کے تجربہ و معائنہ اور مشاہدہ میں آئے ہیں درج کرتا ہوں تاکہ ظاہر ہو کہ کون کلمہ کس مطلب کی صلاحیت رکھتا ہے تاکہ پڑھنے والے کو پورا پورا فائدہ ہو۔

خواص و فوائد اسمائے حزب البحر

(۱) اگر کوئی شخص کسی کام میں عاجز ہو گیا ہو اور کوئی صورت سرانجام کی نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک مقام خالی اور مکان پاکیزہ میں دو رکعت نماز قضائے حاجات ادا کرے بعد سلام اس دعا کو پانچ یا سات مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہوگی کیونکہ اس دعا کے شروع میں جو پانچ اسم آتے ہیں وہ اسم اعظم ہیں یعنی یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ یہ پانچوں اسم اعظم ہیں جب ان کے ساتھ دعا مانگی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے اسی لئے دعائے حزب البحر کے پڑھنے والا ناامید

نہیں رہتا اور جو مقصد بھی ہو اللہ تعالیٰ پورا کر دیتا ہے۔

(۲) واسطے تسخیر خلائق

اگر تسخیر خلائق کے لئے پڑھنی ہو تو مقام وانعرنا کے بعد ستّر مرتبہ یہ دعا پڑھے مُسَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَاخْضِعْ لِیْ مِنْ كُلِّ اَوْلَادِ اٰدَمَ وَبَنَاتِ حَوَّا وَجَلْبِ الرِّزْقِ لِلْمُسَخَّرَاتِ لِیْ بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ پڑھے اور یہ تصور کرے کہ کل مخلوقات امیر و غریب جوق در جوق میرے پاس مع مال کے حاضر ہوتے ہیں۔ اس کے بعد پھر حزب تمام کرے اسی طرح روزانہ سات مرتبہ پڑھا کرے۔ پس چند روز کے اندر تسخیر خلائق اس قدر ہوگی کہ عامل تنگ آجائیگا لیکن گھبرانا نہیں ہمت بلند کر کے سب کی خدمت حسب منشا کرتا رہے پس مخلوق خدا کو اس عامل سے کمال فیض پہنچے گا اور عامل کو مخلوق سے فیض پہنچے گا اور مشرق سے مغرب تک عامل مشہور ہو جائیگا۔ کیونکہ یہی عمل تسخیر کا پیر تیتی شاہ گھگہ کوڑے شاہ وزیریں ضلع منٹگمری والے کے عمل میں ہے جس سے کہ دنیا ہر قسم کا فیض حاصل کرتی ہے۔

(۳) اگر کسی خاص ایک شخص یا بادشاہ یا حکام کو مسخر کرنا ہو تو بارہ روز تک روزانہ بارہ مرتبہ پڑھے اور حزب یَامَنْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ پر پہنچے تو ستّر مرتبہ یا عزیز کہے محمد کو عزیز کر دے فلاں بن فلاں کی نگاہ میں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ صورت الم نشرح اور تین مرتبہ اِنَّا اَرْسَلْنَا الخ پڑھے اور بعد پوری ہونے دعوت کے جب اس کے گھر کو جائے تو ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر جائے اور سلام کرے پس وہ شخص مسخر ہو کر تمام عمر خادم رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

۴۔ واسطے محبت کے۔ اگر کوئی شخص حُب کے لئے پڑھنا چاہے

تو روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر عرق گلاب پر دم کرے اور جب مقام وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ بِرِيحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِي عِلْمِكَ پر پہونچے تو ستر مرتبہ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ پڑھے اس کے بعد کہے یا الٰہی محبت اور دوستی فلاں بن فلاں کی بیچ دل فلاں بن فلاں کے اور اس کے تمام اعضا اور استخوان میں ظاہر کر کر ایک لفظ بغیر اس کے اس کو قرار نہ پڑے آمین آمین آمین کہے اور داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو تین مرتبہ زمین پر مارے اسی طرح تین روز تک کرے اور عرق گلاب پر دم کرتے رہیں بعد پوری ہونے دعوت تین روز کے عرق کو اپنے منہ پر مل کر مطلوب کے سامنے جائے پس مطلوب فوراً طالب ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۵) واسطے غِنا کے

اگر کوئی شخص غنی ہونے کے لیے تین روز روزانہ تیس مرتبہ پڑھے اور آخر مرتبہ جب مقام اَنْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ پر پہونچے تو ستر مرتبہ پڑھے يَا غَنِيُّ اَغْنِنِيْ يَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِيْ بِغَيْرِ حِسَابٍ اور روزانہ سات فقیروں کو روٹی کھلاویں پس چند روز میں فتوحات کے دروازے کھل جاویں گے اور رزق ایسی جگہ سے حاصل ہوگا جہاں سے گمان نہ ہو۔

(۶) برائے ادائے قرض

دفع قرض کے لیے تین روز روزانہ پندرہ مرتبہ پڑھے اور جب مقام وَارْزُقْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ پر پہونچے تو ستر مرتبہ کہے اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ بِطَلَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ۔ پس چند روز میں قدرت کی طرف سے کسی نہ کسی سبب

قرض ادا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

(۷) لڑکیوں کا نصیبہ کھلنے کے لئے:

جب کسی لڑکی کا نصیبہ کھولنا منظور ہو تو تین روز تک اس کوئیں کا پانی پر پڑھے جس کا پانی رات کو بھی بھرا جاتا ہو ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اور جب مقام وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ پر پہونچے تو ستر مرتبہ پڑھے۔ قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے تا بِغَيْرِ حِسَابٍ تک اور دم شدہ پانی سے لڑکی کے ہاتھ پیر دھلا کر اس پانی کو ایسے مقام پر ڈالدیں جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ یا کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دے پس جلد لڑکی کا بخت کھل جائیگا۔

(۸) برائے زبان بندی دشمن

اگر کوئی شخص دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے یا کہ دشمن کو ساکت یا مغلوب کرنے کے لئے ضرورت ہو تو بارہ روز تک روزانہ تین مرتبہ تمام حزب کو پڑھے اور مطلب دل میں رکھے اور جب مقام وَطَمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا پر پہونچے تو ستر مرتبہ پڑھے۔ يَا قَاهِرُ ذُو الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ پڑھے اور کہے الٰہی شرو مکر فلاں بن فلاں سے بچا اور اس کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور اس کے عقل آنکھ کان زبان کو میری طرف سے بند کر دے اور اس کو جلد ہلاک کرے اور پڑھے فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اور پھر تمام حزب کو پوری کرے اسی طرح تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی تمام حواس وعقل وفکر زبان وغیرہ بند ہو جائیگی اور حاجل کے حق میں کوئی برے الفاظ نہ کہہ سکے گا مجرب ہے۔

(۹) برائے مقہوری اعداء

اگر کوئی شخص ناحق خصومت کرتا ہو تو چاند کی ستارہ و تاریخ کو سات پرانی قبروں کی مٹی لاکر اس کا ایک پتلا بنا دیں اور اس پتلے کے سینہ پر نام دشمن بمعہ والدہ لکھ کر پھر لکھیں شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا ۔ اور پھر اس پتلے کو اسی دشمن کے پہنے ہوئے کپڑے جس پر پسینہ لگا ہو سے لپیٹ کر اور کپڑے پر بھی نام دشمن بمعہ والدہ اور شَاهَتِ الْوُجُوْهُ سے ظُلْمًا تک لکھے اور ایک ٹھیکری پرانی قبر سے لا کر اس پر بھی نام دشمن بمعہ والدہ اور لفظ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ سے ظُلْمًا تک لکھ کر اور پتلا بمعہ کپڑا لپٹا ہوا ٹھیکری میں رکھ کر اپنے سامنے رکھے اور دعا حزب البحر کو تمام پڑھے اکیس مرتبہ اور مقام شَاهَتِ الْوُجُوْهُ پر پہنچے تو ستر مرتبہ بتہ ور تُورا دشمن کے ساتھ یہ پڑھے یَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهُ يَا قَاهِرُ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ فلاں بن فلاں کو اپنے قہر و غضب سے ہلاک کر یَا قَهَّارُ یَا مُذِلُّ اور پتلا اور ٹھیکری پر غضبناک ہو قہر کے ساتھ دم کرے اور یہ تصور کرے کہ دشمن خود میرے آگے پڑا ہے اور جب لفظ حٰمٓ دشمن پر پہنچے تو پوری دعا مقہوری اعداء تصور کے ساتھ پڑھے اور پھر حسب دستور بہکا پر دم کرے اسی طرح بارہ روز تک پڑھے پھر پتلا بمعہ کپڑا پرانی قبر میں جا کر دفن کرے اور ٹھیکری کو دشمن کے گھر میں ڈالدے پس تماشا دیکھیں خدا کیا کرتا ہے فقط۔

(۱۰) برائے جتھہ دشمن

اگر بہت سے دشمنوں سے مقابلہ آپڑے تو حزب کو شروع کرے اور جب لفظ فَعَلَيْنَا لَا يُبْصِرُوْنَ حٰمٓ پر آئے تو ستر دفعہ اس لفظ کو تکرار

کرے اس کے بعد تمام حزب کو پڑھ کر پھر حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھتا ہوا دشمن کی فوج سے مقابلہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی تمام ہمت پست ہو جائیگی اور مقابلہ کرنے کی جرأت نہ ہوگی اور میدان چھوڑ کر بھاگ جاوینگے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض جہادوں میں آپ بھی پڑھتے تھے اور صحابہ کو بھی پڑھنے کی ہدایت کرتے تھے اور حبیب بن مسلمہ جب دشمن کو دیکھتے تھے تو لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھتے تھے کیونکہ جب اس کو دشمن کے مقابلہ پر پڑھا جاتا ہے تو کبھی دشمن کامیاب نہیں ہوتا مجرب ہے۔

(۱۱) برائے عدو یعنی دشمن

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن کا کوئی عضو اس قدر بیکار ہو جائے کہ وہ کوئی کام نہ کر سکے تو گیلی مٹی پاک جگہ سے لیکر ایک پتلا بشکل دشمن کے بنائے اور پتلا کے سینہ پر نام دشمن بمعہ والدہ کا لکھے اور حروف قسمہ کو ہر عضو پر جیسا کہ نیچے بیان کیا گیا ہے ہر عضو پر ایک ایک حرف لکھے اور بروز منگل آخری ماہ قمری بوقت ساعت مریخ میں اس پتلا کو اپنے سامنے رکھے اور ایک کارد ہاتھ میں لیکر حزب البحر پڑھنا شروع کریں جب مقام شَاهَتِ الْوُجُوْهُ پر پہنچے تو غضبناک ہو کر کارد سے اس پتلا کا ایک عضو کہ جو عضو بیکار کرنا ہو کاٹ ڈالے تو دشمن کا وہی عضو اس قدر بیکار ہوگا کہ سوکھ کر خشک ہو جائیگا اور کوئی کام نہ کر سکیگا باذن اللہ تعالیٰ۔ لیکن عامل کو چاہیے یہ عمل نہ کرے ہاں جو شخص فی الواقع مستحق سزا ہو اس کے لئے جائز ہے یہ عمل بالکل مجرب ہے۔ ہر حروف قسمہ جو کہ پتلا کے ہر عضو پر لکھنا ہے وہ حروف بمعہ عضو نام یہ ہیں:۔

سر	کتف راست	کتف چپ	پہلوئے راست	پہلوئے چپ
و	د	ح	ف	ج

دل	ران راست تا قدم	ران چپ تا قدم
ھ	ب	د

یہ عمل جو کرے گا اسی کے ذمہ گناہ ہوگا فقیر بری الذمہ ہے +

(۱۴) برائے ہلاکت دشمن

اگر کوئی دشمن ناجائز ستاتا ہو اور اُس کے ظلم سے عاجز آگیا ہو تو ایک بیضہ مرغ جو گندا ہو گیا ہو پر تبت ید ا واز گوں بحروف مفرد لکھے اور حزب البحر پڑھتا ہوا مقام شاہت الوجوہ کا پر آن کر دعائے قہر ہفت مرتبہ پڑھ کر بیضہ مرغ پر دم کرے اور اس بیضہ پر حرف تبت یدا کے بعد نام دشمن بعد والدہ لکھ کر بیضہ کو گور کہنہ میں دفن کرے اور خود دو نوں قبروں کے درمیان بیٹھ کر روزانہ تین مرتبہ حزب البحر پڑھے اور جب مقام شاہت الوجوہ پر آئے تو سورت تبت ید ا دو سو اسی بار پڑھے اور دعائے قہر پڑھ کر دشمن کی ہلاکت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تین ہفتے کے اندر اندر دشمن ہلاک ہوگا

(۱۵) برائے حفاظت ایام سفر

جب ارادہ سفر کا کرے تو تین روز تک روزانہ پانچ مرتبہ تمام حزب کو پڑھے اور جب آیۃ بحول اللہ لایقدر علینا پر پہونچے تو ستر مرتبہ کہے یا حفیظ احفظنی من جمیع البلیات یا ارحم الراحمین پڑھے بعد اس کے جب روانہ ہو یا جب کہیں اُترے یا جہاں کہیں خوف کی جگہ ہو تو تمام حزب کو ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سلامت رہیگا۔

(۱۶) برائے حفاظت جہاز و کشتی

جہاز یا کشتی پر سوار ہونے سے پہلے تین روز روزانہ پانچ مرتبہ حزب کو پڑھے اور جب لفظ سخرلنا ھذا البحر پر پہونچے تو ستر مرتبہ پڑھے یا حفیظ

اِحْفَظْنِي مِنْ جَمِيْعِ الْبَلِيَّاتِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔ اے الٰہی میں اپنے آپ کو اور سب مال و اسباب کو تیرے سپرد کرتا ہوں خیریت کے ساتھ کنارے پر پہنچا دے
اس کے بعد جب تک جہاز یا کشتی میں سوار رہے تب تک پانچوں نمازوں کے بعد ایک ایک مرتبہ تمام حزب کو پڑھتا رہے اور طوفان کی حالت میں جب تک طوفان رہے پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بخیریت منزلِ مقصود کو پہنچے گا۔

(۱۵) سلامتی برائے راہزن

جب کوئی شخص مسافر ہو اور نوبت بجنگ ہو یا کسی قزاق اور ظالم کا سامنا ہو تو حزب البحر بعد اختتام پڑھنا شروع کریں اور جب آیت وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ پر پہنچے تو اس آیت سے قبل سورہ اذا زلزلت کو پانچ بار پڑھ کر زمین پر دم کرے اور اپنا ہاتھ زمین پر مارے اور مشتِ خاک اٹھا کر مقابلہ دشمن اڑا دے اور اپنے ہاتھ کو فوراً اپنے سر پر پھیرے بعد ازاں ان آیتوں کو پڑھے فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى لَا تَخَافَا اِنَّنِيْ مَعَكُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰى وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ. پھر شَاهَتِ الْوُجُوْهُ تین بار کہہ کر کہے اے موکلو پکڑ لو ان دشمنوں کی آنکھیں اور بینائی ان کی کو اور کر دو ان کو اندھیرے دریا میں یہاں تک کہ مجھ کو دیکھنے نہ پائیں صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ پڑھ کر خاموش ہو جائے اور کسی سے بات نہ کرے تو تمام جہان کی نظروں سے عامل پوشیدہ رہے گا اس کے بعد یہ دعا پڑھیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ يَا خَفِيُّ بِاللُّطْفِ الْخَفِيِّ فَاِنَّ مَنْ اَخْفَيْتَهُ بِخَفِيِّ لُطْفِكَ فَهُوَ خَفِيٌّ۔ ترجمہ:- اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے پوشیدہ مہربانی کرنیوالے

اپنی پوشیدہ مہربانی کے اندر مجھ کو چھپالے کیونکہ جس کو تُو نے اپنی پوشیدہ مہربانی میں چھپا لیا وہ بے شک چھپ گیا پھر اس کے بعد اُٹھ کر جہاں چاہے جائے ہر فرد بشر ظالم دُشمن اور ہر راہزنوں کی لوٹ مار سے محفوظ رہیگا کیونکہ اگر تمام جہان بھی عامل پر حملہ کرے گا تو عامل کو نہ دیکھ سکے گا وہ جب تک بات نہ کریگا کسی کو نظر نہ آئے گا خواہ کہیں کیوں نہ چلا جائے بات کرنے پر فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس عمل کی تاثیر جاتی رہے گی یہ عمل مجرب المجرب ہے مصنف کتاب ہذا سید محبوب شاہ نبی کہتے ہیں کہ میں دوران پارٹیشن ۱۹۴۷ء میں کشمیر گیا ہوا تھا جو کہ دشمنوں کے قبضہ میں ایسا پھنسا کہ امید بچنے کی نہ تھی اُس وقت میں نے حزب البحر کے اِس عمل سے کام لیا اور دشمنوں کے ہزار ہا آدمیوں کے جتھے میں سے ایسا نکل گیا کہ بال بال بچ گیا اور دشمنوں کو نظر نہ آیا اس لیئے یہ عمل مجرب ہونے پر درج کر دیا گیا ہے جس کا دل چاہے کر کے دیکھ لے۔

(۱۶) قیدیوں کی رہائی کے لیئے۔

اگر کسی قیدی کی رہائی کے لیئے پڑھنا ہو تو ماشاء اللہ کان لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ایک ہزار ایک مرتبہ یک نشست سے پڑھے اور قیدی کے لیئے دُعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قیدی بہت جلد قید سے رہائی پائے گا۔

اگر روزانہ لاحول ولا قوۃ تین سو ساٹھ ۳۶۰ مرتبہ پڑھے اور اول آخر درود شریف پڑھے تو پڑھنے والا کبھی فقر و فاقہ نہ دیکھے گا اگر دشمن کے سامنے چندبار پڑھ کر دَم کریں تو دشمن مغلوب ہو کر مخالفت کی بجائے موافقت کریگا مجرب ہے۔

(۱۷) ناراض کو راضی کرنا

جو شخص کسی سے بیزار ہوا سے مہربان کرنے کے لئے یا مکاروں کے مکر سے

پھنسنے کے لئے شب جمعہ کو آدھی رات کے وقت حزب البحر پڑھنا شروع کریں جب مقام حَسْبِيَ اللّٰهُ پر پہنچے تو پوری آیت یعنی فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھے پھر اس کے بعد پڑھے اَللّٰهُمَّ اَنْتَ يَا رَبِّيْ حَسْبِيْ عَلٰى فلاں بن فلاں یافلاں بنت فلاں وَاعْطِفْ قَلْبَهٗ يَا قَلَّبَهَا عَلَيَّ وَذَلِّلْهُ يَا ذَلِيْلَهَا لِيْ۔ تو بے شک اللہ تعالیٰ اس کے دل کو اس پر مہربان کر دیتا ہے اور ایسا مطیع ہوگا کہ ساری عمر خادم بن کر رہیگا یہ عمل چلیا جاتا ہے اور بارہا کا مجرب ہے مصنف کتاب کا اور مناسب ہے کہ جب شب کو پلنگ پر سونے کے لئے بیٹھے تو سات مرتبہ پڑھے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تو خدا تعالیٰ اس کی برکت سے مدد کریگا اور عامل کے جو ارادے ہونگے خواہ سچا ہو یا جھوٹا اللہ تعالیٰ پورا کریگا۔

(۱۸) مریض کی صحت یابی کے لئے

جب کوئی مریض ایسا ہو کہ جس کے علاج سے حکیم و ڈاکٹر عاجز آگئے ہوں اور کوئی علاج کارگر نہ ہوتا ہو تو یوں کریں کہ تین روز تک روزانہ گیارہ مرتبہ حزب البحر پڑھا کریں اور جب مقام بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پر پہونچے تو ستر مرتبہ پڑھے۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ پڑھے اور تین بار کہے یَا شَافِيْ فلاں بن فلاں کو جمیع امراض سے شفا بخش بحق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پس مرض خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو اللہ تعالیٰ شفا عطا کریگا۔ بسیار مجرب ہے۔

(۱۹) برائے سلامتی ایمان از غارت شیطان

اگر کوئی ایمان کی سلامتی چاہتا ہو کہ دنیا سے باایمان جاؤں تو دس روز تک روزانہ دس مرتبہ دعائے حزب کو پڑھے اور جب مقام حَسۡبِیَ اللّٰہُ تا عَظِیۡم تک پہنچے تو ستر مرتبہ پڑھے:- اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ اِیۡمَانًا صَادِقًا وَّیَقِیۡنًا کَامِلًا اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیۡنِ وَاَعُوۡذُبِکَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ یَا قَاھِرُ ذَا الۡبَطۡشِ الشَّدِیۡدِ اَنۡتَ الَّذِیۡ لَا یُطَاقُ اِنۡتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ
پس انشاء اللہ تعالیٰ دنیا سے باایمان جائے گا اور مرتے وقت آسانی ہوگی قبر کے عذاب سے بے خوف ہوگا اور روز حشر میں ہر رنج و غم سے نجات پاکر جنتیوں کے ساتھ جنت میں جائیگا باذن اللہ تعالیٰ۔

(۲۰) برائے ہر رنج و غم

اگر کوئی شخص بادشاہ یا ظالم کے ضرر پہنچانے سے ڈرے یا جنگل میں ایسی جگہ جا پھنسے جہاں درندے جانور بہت ہوں اور خوف جان جانے کا ہو تو تمام حزب البحر کو سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے سارے بدن پر پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو کوئی رنج و غم نہ پہنچے گا۔

(۲۱) برائے ہر مطلب

بعض مشائخ نے فرمایا ہے کہ بعد ادائے شرائط عروج ماہ میں نہا دھو کر پاک کپڑے پہن کر عطر وغیرہ لگا کر جائے تنہائی میں بیٹھ کر جس مطلب کے واسطے پڑھنا چاہے بارہ روز تک روزانہ تینتیس مرتبہ پڑھے اور جب آخر مرتبہ تیسویں بار پر پہنچے تو اپنے مطلب کے مطابق مقام پر تقرر کر کے کوئی آیت یا کوئی اسم الٰہی یا کوئی دعا حسب مطلب پڑھے پس جو مراد ہوگی جلد بر آئے گی۔

(۲۲) دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سات روز تک اس طرح پڑھے کہ چھ روز تک اکیاون مرتبہ روزانہ اور ساتویں روز چودہ بار گویا کہ اس طرح سات دن میں تین سو ساٹھ

بار پوری ہو جائیگی پس جو مراد ہوگی جلد بر آئیگی۔

نوٹ:۔ اوّل بارہ روز خلوت میں بیٹھنا چاہیئے اور ہر روز تین مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ اور شروع کرنے سے پہلے ایک دائرہ کھینچا جائے جس میں داخل ہونے کا ایسا راستہ رکھیں کہ داخل ہوتے وقت عامل کا رُخ قبلہ جانب ہو اور جب اندر میں داخل ہو تو داخل دروازہ بند کر دیا جائے یعنی لکیر کھینچ کر اس دائرے کو ملا دیا جائے اور جب عمل پڑھ چکے تو فولاد کی چھری یا چاقو سے دائرہ کا منہ اپنے باہر نکلنے کے لیے کھولنا چاہیئے ورنہ ایسی ڈورے کا دائرہ بنا لیا جائے اور دائرہ بناتے وقت آیۃ الکرسی بعد بندش جو کہ پہلے لکھ چکا ہوں پڑھی جائے اور دورانِ عمل میں جو کی روٹی کے سوائے کچھ نہ کھائے صاحبِ حزب البحر حضرت ابو الحسن شاذلی کی رُوح سے پہلے اپنے خیال میں اجازت لینی چاہیئے۔ اور اکلِ حلال کا اور ترکِ حیوانات کا خیال رکھنا چاہیئے۔ مندرجہ عمل ہی تیز ہوگی۔

ہدایت

دعا حزب البحر کی دس شرطیں ہیں جن کا خیال پڑھنے والے کو ضروری ہے اوّل اجازت اور صحیح پڑھنا۔ دوم زکوٰۃ صحیح دینا۔ تیسرا ہر طرح کی پاکی۔ چوتھا جمعیتِ خاطر۔ پانچواں پابندیٔ شریعت۔ چھٹا اکلِ حلال۔ ساتواں بے نماز کے ہاتھ کا پکا ہوا کھانا نہ کھانا۔ آٹھواں اعتصام۔ نواں۔ اختتام۔ دسواں بر اشارات کو مکمل کرے اور اگر حزب البحر کبھی ناغہ بھی ہو جائے تو مقررہ نصاب ادا کرے اور پیشتر دعوت کا ہر سامان مہیا کر کے رکھے تاکہ اعتکاف سے باہر آ کر چند غرباؤں کو کھانا کھلاوے اور اس کھانے کا ثواب سید ابو الحسن شاذلی کی رُوح پاک کو ہدیہ کرے اور کسی کو اجازت دیتے وقت بھی کچھ

شیرنی پر فاتحہ پڑھ کر شہ یادوں کو تقسیم کرے۔ کیونکہ اسی طرح کی اجازت خادم محبوبِ الٰہی کو پیر و مرشد قبلہ حبیب اللہ شاہ قادری۔ نقشبندی چشتی سہروردی سے حاصل ہوئی ہے اور حزب البحر کے بہت سے فوائد ہیں اگر لکھے جائیں تو بہت بڑی کتاب بن جاتی ہے اس لیئے صرف مختصر خواص درج کر دیئے ہیں تا کہ کتاب طول نہ پکڑ جائے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے حیاتی قائم رکھی تو دوسرے ایڈیشن میں حزب البحر کے بقایا سارے خواص درج کر کے بلکہ خواص حزب البحر الگ ہی چھپواؤں گا یہاں صرف کتاب تصوف کی وجہ سے مختصر لکھے ہیں۔ فقط یہاں سے آگے بعد اعتصام و اختتام دعا حزب البحر لکھی جاتی ہے۔

برائے کشف القلوب

یہ علم حرام سے ہے اور نہایت عظیم النتیجہ ہے جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دلوں کی بات معلوم ہو جائے وہ تین ہفتہ تک روزہ رکھے ترک حیوانات کے ساتھ اور ان اسماء سبعہ کو جو مفاتیح السلم کہلاتے ہیں پڑھے اول آخر درود شریف سو سو بار اور ان اسماء کو روزانہ ہزار بار پڑھے وہ اسماء یہ ہیں۔

سُمَیْدَیْدَ بِعِ هَلِیعُوْبِ لَا کُوْبِ دَمُدْ غُوثِ هَاجِبِیْ فَلِیْشَآءَ هَیْلُوْبِ۔

پھر یہ دعا تین بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَکْشِفْ عَنْ قَلْبِیْ حِجَابَ الْغَفْلَۃِ وَعَلِّمْنِیْ مَالَمْ اَکُنْ اَعْلَمُ وَبَیِّنْ لِیْ مِنْ کُلِّ مَا اَسْئَلُ عَنْہُ یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاہُ۔

پھر سو بار درود شریف پڑھے اکیس روز کے بعد اثر ظاہر ہونا شروع ہوگا جو شخص سامنے آئے گا جو کچھ اس کے دل میں ہوگا عامل پر منکشف ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ جس کا دل چاہے کر کے دیکھ لے۔ فقط

اب یہاں چند دعائیں وہ لکھی جاتی ہیں جو کہ صوفیائے کرام اور پیران عظام وقت فوقت واسطے قضائے حاجات وحصول مرادات ودافع بلیات وقہر اعداء وحصول مدعا وقرب الٰہی وظہور تجلیات کے لئے ہر خاندان قادریہ چشتیہ ونقشبندیہ پڑھا کرتے ہیں الگ الگ مفصل حسب ذیل سے پتہ لگے گا۔

ختم تمام خواجگان جو ہر مہم کے لئے پڑھتے ہیں وہ یہ ہے

اور اکثر بزرگان دین واولیاء کاملین نے فرمایا ہے جو کوئی اس ختم کو روزانہ پڑھا کرے تو اُس کی ایک ہزار دعائیں اور حاجتیں قبول بدرگاہ ایزدی ہوگی وہ ختم یہ ہے۔

استغفار	۱۰۰ بار	یَاکَافِیَ الْمُهِمَّاتِ	۱۰۰ بار
سورۃ فاتحہ بالتسمیہ	۱۰۰ بار	یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ	۱۰۰ بار
درود شریف	۱۰۰ بار	یَاحَلَّ الْمُشْکِلَاتِ	۱۰۰ بار
الم نشرح	۷۹ بار	یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ	۱۰۰ بار
سورۃ اخلاص	۱۰۰ بار	یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضِ	۱۰۰ بار
پھر سورۃ فاتحہ شریف	۷ بار	یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ	۱۰۰ بار
پھر درود شریف	۱۰۰ بار	یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ	۱۰۰ بار
یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ	۱۰۰ بار	یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ	۱۰۰ بار

یہ ختم شریف ایک آدمی خواہ چند آدمی مل کر پڑھ سکتے ہیں بعد ختم کے کل ہی کر اپنی حاجات بدرگاہ رب العزت خشوع وخضوع کے ساتھ عرض کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مدعا بر آئے گا۔

نوٹ: ہر ایک اسماء شریف کے اول مرتبہ ایک بار اَللّٰهُمَّ پڑھے اور جب یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ پڑھے دو مرتبہ اول جو حسب تک پڑھے اور پڑھ کر کل ختم کا ثواب جملہ امداح خاندانِ قادریہ چشتیہ نقشبندیہ کے بزرگان دین کو پہنچائے اور اپنے حق میں دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو دعا کرے گا مقبول ہوگی۔ فقیر محبوب الٰہی مخدوم قادریہ غوثیہ

ختم خواجگان چشت

ہر مہم کے واسطے خواجگان چشت اس ختم کو باوضو رو بقبلہ ہو کر اور دس بار درود شریف پڑھ کر پھر ۳۶۰ بار لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ پڑھے پھر ۳۶۰ بار اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھے پھر ۳۶۰ بار دعائے مذکور پڑھے اس کے بعد اپنے مطلب کے مطابق بارگاہ الٰہی میں دعا کرے پھر اس کے بعد درود شریف دس بار پڑھے ہر دعا مستجاب ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

ختم خواجگان نقشبند حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

درود شریف ۱۰۰ بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ بتسمیہ پانچسو بار پڑھ کر جو اپنی حاجت ہو بارگاہ الٰہی سے طلب کرے پھر درود شریف ۱۰۰ بار پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ کیسی ہی مشکل حاجت ہوگی بر آئے گی۔

ختم حضرت محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

درود شریف ۱۰۰ بار حسبنا اللہ ونعم الوکیل ۵۰۰ بار پڑھ کر اپنی حاجت رب العزت سے ملتمس پھر ۱۰۰ بار درود شریف پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم حاجات دینی و دنیاوی جلدی بر آئے گی بسیار مجرب ہے۔

ختم ہر قسم مشکلات و کفایت مہمات و قضائے حاجات کے لئے یہ مجرب ہے

حضرت سید محبوب الٰہی عرف نور اللہ شاہ مصنف کتاب ہٰذا واصل حق نے فرمایا ہے کہ اگر ایک رات میں عمل کرنے والے کی حاجت پوری نہ ہو تو قیامت کے دن میرا دامن اور اس کا ہاتھ ہو۔ لہٰذا اس طریقہ سے پڑھے پھر دیکھے کیسے حاجت خدائے برتر سے پوری نہ ہووے طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز پڑھ لینے کے بعد پھر دوبارہ وضو کرے اور الگ

کسی گوشے میں بیٹھ کر کسی سے بات چیت نہ کرے۔ پہلے اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر سو بار استغفار پڑھے پھر سو بار درود شریف پڑھ کر پھر دو ہزار بار اسم مبارک مع بسم اللہ کے اسی طرح پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَسَهِّلْ يَا اِلٰهِيْ كُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَةِ سَيِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ۔ اس کے بعد اپنے مقصد کی دعا کرے پھر سو بار درود شریف پڑھے پس ہر قسم حاجات و مشکلات و قضاء حاجت خدا برتر سے پوری ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

ختم لاجل الحاجات

حضرت امام مقاتل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس کو حضرت قادر ذوالجلال کوئی حاجت دینی و دنیاوی پیش آئے تو اس کو چاہیے کہ شب جمعہ کو اول آخر سو سو بار درود شریف پڑھ کر ۳۲۰ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اپنی حاجت قادر ذوالجلال سے طلب کرے اگر اس کی حاجت پوری نہ ہو تو مقاتل کی قبر پر لعنت کرے دعا بزرگوار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا دَائِمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

ختم بہت ضروری حاجت کیلئے یہ بھی ہے

بہت ضروری حاجت کے لئے اس آیت شریف کو ایک ہزار ایک بار مع درود شریف سو سو بار اول آخر قبلہ رو تنہائی میں تلاوت کرے درمیان میں کسی سے گفتگو نہ کریں حق تعالیٰ اس کی حاجت دینی ہو یا دنیاوی روا فرمائے گا پڑھنے والا اپنی مراد کو پہنچے

گا انشاء اللہ تعالیٰ ۔ آیت شریف یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝

ختم روز عاشورہ

جو کوئی عاشورہ کے دن ستر بار حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ پڑھے گا حق تعالیٰ اس کو بخش دے گا اور جو کوئی عاشورہ کے دن یہ دعا سات بار پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس سال موت کے صدمہ سے محفوظ رہے گا اور جس سال اس کی موت ہوگی اس سال اس سے دعا نہ پڑھی جائے گی دعا بزرگوار یہ ہے ۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَكَلِمَاتِهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا اَسْئَلُهُ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

ختم خرچہ بے خرچان

یہ دس اسم ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر لکھے تھے بزرگان دین ان دس اسموں کو خرچہ بے خرچان کہتے ہیں سیاحان متوکل درویشوں کے لیے جنگلوں اور منزلوں میں نافع ہیں جو ان دس اسموں کو روزانہ پڑھا کرے گا قدرت کاملہ غیب سے روزی عطا کرتا

ہے تعلیم ان دس اسماء کی سلسلۂ قادریہ چشتیہ میں عام ہے خصوصاً سید پیر محبوب الٰہی کے سلسلہ میں جاری وساری ہے۔

ترکیب عمل کرنے کی یہ ہے

جب خواب سے بیدار ہو تو بغیر کسی سے کلام کئے یَا بَاسِطُ کو دس بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کرکے منہ پر ملے پھر صبح کی سنت پڑھ کر اکتالیس ۴۱ بار پڑھے یَا اِسْرَافِیْلُ یَا طَاطَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ یَا اِلٰہَ الْاٰلِہَۃِ الرَّفِیْعِ جَلَالُہٗ یَا اِلٰہَ۔

اور پھر فرض سے فارغ ہو کر ستر بار یَا بَاسِطُ اور ستر بار یَا عَزِیْزُ اور پچیس ۲۵ بار سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ پوری پڑھے پھر ان دس اسموں کو ستر بار پڑھ کر پھر ۳۰۸ بار یَا رَزَّاقُ پڑھے پھر آٹھ نقش لکھ کر ہفتہ عشرہ میں آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں اسی طرح روزانہ معمول رکھیں تو خداوند عالم ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے کبھی گمان بھی نہیں ہو سکتا یہ طریقہ اہل فقر لوگوں کے مجربات سے ہے۔

دہ اسماء شریف یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ شَرَائِیُوْلُ حَذَّرِیْ حُجُوْسَا مَنُوْعًا عَمَلَاطَیُوْ سُوْنَا سَلِیْخَا مَلِیْخَا مَلْقُوْمَا یَا اَیُّوْمَا بِحَقِّ کٓہٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ

٧٨٦

١٠٤٣	١٠٤٧	١٠٥٠	١٠٣٦
١٠٤٩	١٠٣٧	١٠٤٢	١٠٤٨
١٠٣٨	١٠٥٢	١٤٥	١٠٤١
١٠٤٦	١٠٤٠	١٠٣٩	١٠٥١

اور نقش جو روزانہ آٹھ بار لکھے جاتے ہیں وہ یہ ہے اور نقش کی پشت پر یہ لکھے ....

اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ۔ لکھے۔

یہ خاص الخاص چیز ہے جس نے کیا اُس نے پایا جو کچھ اُس کی قسمت میں ہے۔

نوٹ: یہی دس اسم دفع شر جن وانس وبلیات و آفات ہر مشکلات وقضاء حاجات اور تسخیر خلائق خصوصاً تسخیر بادشاہ حاکم یا امراء کے لئے بھی پڑھتے ہیں اور جن نکالنے کے لئے بھی عمل میں لاتے ہیں اگر کسی کے گھر میں جن کا خلل ہو تو ان دس اسما کو دس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھڑک دیں تو اس گھر میں کوئی جن یا کسی قسم کی روحانی چیز نہ رہے گی بارہا تجربہ کردہ ہے۔ اور یہ اسماء دفع رجعت میں بھی اثر قوی رکھتے ہیں اور ہر قسم جادو ٹونہ طلسم وغیرہ کے دور کرنے کو چند بار پانی پر دم کر کے پلادیں فوراً اثر دور ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ باقی خواص حسب ذیل ہیں۔

خواص دہ اسماء شریف

یہ دس اسماء شریف حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر لکھے ہوئے تھے ان ہی دس اسماؤں کی برکت وعظمت سے عصا فوراً اژدھا ہو جاتا تھا جس کی وجہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام معجزہ دکھاتے تھے۔ ان اسماء کے لاکھوں کیا بلکہ بے شمار خواص ہیں اگر لکھے جائیں تو دفتر کے دفتر بھر جائیں گے لیکن خواص ختم نہ ہوں گے۔ فقیر ناچیز سید محبوب الٰہی چند خواص خاصان خاص طالب حق کے لئے حسب ذیل درج کرتا ہے جو صاحب فیض حاصل کرے فقیر کو بھی دعائے خیر سے یاد فرمائے۔

۱۔ **خاصیت اول**: یہ ہے کہ اگر کوئی شخص چاہے کہ میرے گھر میں برکت ہو اور کبھی مفلس نہ رہوں تو ان دہ نام شریف کو روزانہ بعد نماز صبح بہتر بار مع چند بار درود شریف اول آخر کے پڑھتا رہے پس ہمیشہ خوش حال رہے گا اور گھر میں ہر طرح ہر چیز میں بکثرت برکت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ بارہا تجربہ کردہ ہے۔

۲۔ **خاصیت دوم**: اگر کوئی چاہے کہ دنیا کی تمام نعمت حاصل ہو تو اس کو چاہیے کہ یہ دس اسماء شریف چالیس روز تک روزانہ ہزار بار پڑھے اور بعض روایت ہے کہ

روزانہ ۵۰۰ بار پڑھے اول آخر سو سو بار درود شریف ۔ پرہیز جلالی گوشت انڈا مچھلی بالکل
نہ کھاویں کوئی منہ سے جھوٹا کلام نہ کریں اور کسی عورت کے نزدیک نہ جائے اپنے حجرہ
میں کسی کو آنے نہ دیں ۔ جامہ پاک و جگہ پاک میں بیٹھ کر پڑھا کرے ۔ پس استدر نعمت
دنیاوی حاصل ہوگی کہ پڑھنے والا خوش حال ہو جائے گا اور بعض بزرگوں نے فرمایا ہے
کہ زمین کا مدفون خزانہ نظر آئے گا یہ عمل مجرب ہے جس کا دل چاہے کریں ۔ فقط

۳ ۔ اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ جملہ درندگان و پرندگان دشتی و دحوش و جن و ماہی
و مور و کژدم و دحوش و مار و کل حشرات الارض وغیرہ فرمانبردار ہو جاویں اور ہر وقت
خدمت گار رہیں تو اس کو چاہیے کہ تین چلہ تک خلوت میں رہے اور کسی فاسق عورت یا
مرد کا منہ نہ دیکھے اور روزی حلال کھائے اور یہ دعا تمام شریف روزانہ ہزار بار پڑھا کرے
یعنی دو ہزار صبح کو اور تین ہزار رات کو پڑھا کریں ۔ اسیطرح جب چلہ پورا ہوگا اس
دوران میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر درود بکثرت پڑھتا رہے ۔ تینوں چلوں سے
فارغ ہوگا تو تمام درندگان و پرندگان دشتی و کل جانوران بری و بحری عامل کے فرمانبردار
ہو جائیں گے اور شیر سواری کے لئے سانپ کا کوڑا اسے حاصل ہوگا ۔ اور جو بھی عامل کو
دیکھے گا دوست رکھے گا لیکن ان اسماء کے جو بھی اسرار عامل پر ظاہر ہوں کسی سے
بیان نہ کرے اور صاحب دعوت اپنی حفاظت خود کرے تاکہ رجعت نہ ہو یہ طریقہ
اکثر بزرگان سلف کا معمول تھا ۔

محمد شبیر قادری

۴ ۔ طریقہ یہ ہے کہ کوئی یہ چاہتا ہو کہ دیو پری میرے مسخر ہوں تو ایک سال تک
روزانہ پانچ ہزار بار دس اسماء کو پڑھے ۔ تخلیہ میں بیٹھا ہے اور فاسق آدمی و حیض
والی عورت کو نہ دیکھے ہر قسم جلالی پرہیز کریں اور جس برتن میں گوشت لگ گیا ہو اس کو
استعمال میں نہ لائے اسیطرح سے جب ایک سال ہو جائے گا تو جملہ دیو و پری حاضر
ہو کر فرمانبردار ہوں گی اور جو حکم عامل کرے گا فوراً بجالاویں گی انشاء اللہ تعالیٰ یہ عمل کئی

بزرگان کا معمول ہے۔

۵۔ طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی چاہتا ہو کہ میرے دل کی آنکھ باطنی کھل جائے جس سے میں عرش فرش سے فرش وتحت الثریٰ تک دیکھ سکوں اور جو کسی کے دل میں بات ہو وہ فوراً معلوم ہو جائے تو چاہئے کہ دس نام شریف کو ایک سال تک روزانہ پانچ ہزار بار پڑھے اور سال بھر تک روزہ بھی رکھے افطار صرف ڈیڑھ تولہ سبزی سے کریں اور کوئی فاسق مرد عورت حائضہ کو نہ دیکھے پس اس مدت میں ہزاروں قسم کی نعمتیں حاصل ہوں گی دل کی باطنی آنکھ کشادہ ہو کر مشرق تا مغرب تک ہر چیز کو دیکھے گا اور کشف القلوب حاصل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۶۔ چھٹا خواص یہ ہے: کہ اگر کوئی کشف الارواح یا کشف القلوب حاصل کرنا چاہتا ہو تو چار چلہ تک متواتر روزہ رکھیں اور روزانہ دس اسماء شریف پانچ ہزار بار پڑھا کرے اور فاسق عورت و مرد کو اپنے سامنے نہ آنے دیں اور کسی ونا کس سے گفتگو کرے منہ سے کوئی جھوٹی بات نہ کہے اور ہر قسم خطرہ نفسانی سے بچا رہے انشاء اللہ تعالیٰ چار چلہ پورا ہونے پر کشف ارواح و کشف القلوب ایسا ہو گا جس کا خیال کرو گے فوراً اس کی دل کی بات معلوم ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۷۔ ساتویں خاصیت یہ ہے: کہ اگر بارش نہ ہوتی ہو اور قحط سالی ہو گئی ہو تو چار روز تک روزانہ پچیس ہزار بار دس اسماء کو پڑھے پھر آسمان کی طرف منہ کر کے پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَآءِ تا آخر تک پڑھے پس فوراً بارش شروع ہو گی جب تک عامل یہ نہ کہے گا کہ بند ہو جائے تب تک بند نہ ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۸۔ آٹھواں خواص یہ ہے: کہ اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ زمین سے پانی کا چشمہ جاری ہو جس سے سارا عالم فیض حاصل کرے اور کبھی کم نہ ہو تو ترک جلال اور بو دار چیز نہ کھائے

اور وہ نام شریف روزانہ بار پڑھے پس چلہ پورا ہونے پر جو کچھ عامل کہے گا فوراً اجابت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۹۔ نویں خاصیت یہ ہے اگر جو شخص یہ چاہے کہ حق تعالیٰ رزق اپنے غیب سے عطا کرے جس میں کوئی آدم درمیان میں وسیلہ نہ ہو جس طرح عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کو آسمان سے ہر نعمت آتی تھی اسی طرح آوے تو چاہیئے کہ ایک سال تک متواتر روزانہ روزہ بھی رکھے اور وہ اسماء شریف کو روزانہ ہزار بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سال پورا نہ ہوگا کہ غیب سے رزق آنا شروع ہو جائے گا۔ یہ وہ نام کا اور بزرگان دین خاص خاص سچے عاشق وصادق مرید طالب کو تعلیم کرتے ہیں۔ نااہل کو خبر تک نہیں دیتے تاکہ دنیا میں فتنہ نہ پھیلائے۔

۱۰۔ دسویں خاصیت یہ ہے اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ خوبی منظم کو ظاہری آنکھ سے دیکھوں اور میں ملائکہ سے گفتگو کروں۔ تو وہ اسماء شریف کو ہشت چلہ میں دس لاکھ ستر ہزار ۱۰۷۲۰۰۰ باصوم وصلوٰۃ کے پڑھے اور کسی فاسق عورت یا مرد کو نہ دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے چلہ میں ملاقات ملائکہ ہو جائے گی۔ بعض کو دوسرے چلہ میں۔ بعض کو تیسرے چلہ میں کسی کو چوتھے چلہ میں۔ اگر چہ ساتویں چلہ تک ضرور ملائکہ اس کے سامنے حاضر ہوں گے جن کو ظاہری آنکھ سے دیکھے گا اور ہر طرح گفتگو کرے گا اور کل حالات موت زندگی خیر وشر سے آگاہ کریں گے لیکن عامل کو چاہیئے کہ ڈیڑھ تولہ سے زیادہ غذا نہ کھائے تاکہ دل صاف رہے بسیار مجرب ہے اکثر بزرگان دین کا تجربہ ہے۔

۱۱۔ گیارہویں خاصیت یہ ہے کہ اگر ہر جانور کی گفتگو کو بخوبی سمجھ لوں تو عامل کو چاہیئے کہ ایک سال تک خلوت اختیار کرے افطار دو تولہ سبزی کے علاوہ اور کچھ نہ کھائے اور وہ اسماء کو روزانہ ہزار بار پڑھا کرے اس کے علاوہ بکثرت درود شریف پڑھا کرے اور پھر ہزار بار کلمہ طیب بھی پڑھے پس اس حال سے سال گزرے گا تو ہر جانور کی بولی

بخوبی سمجھنے لگ جائے گا مجرب ہے۔

۱۲۔ خواص یہ ہے: کہ اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ دریا اور آگ وہوا ہر جگہ زمین مشرق تا مغرب تک پہنچنے کی طاقت اور پانی پر چلنے آگ میں داخلنے کی قوت حاصل ہو تو اُس کو چاہیئے کہ دو تولہ سے زیادہ نہ کھائے اور دہ اسماء شریف روزانہ پانچ ہزار بار مع بکثرت درود شریف پڑھے ایک چلہ تک تو پانی پر چلنے کی قوت ہوا پر اُٹھنے کی قابلیت اور آگ پر چلنے کی توفیق حاصل ہوگی اگر اسی حال سے تین چلہ کرے تو آگ پانی ہوا وزمین مسخر ہوگی جو عامل حکم کرے گا ویسا ہی ظہور میں آئے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۳۔ خواص یہ ہے: اگر روزانہ دس ہزار بار دہ اسماء شریف کو پڑھ کر پھر درود شریف بکثرت پڑھا کرے تو جمال ذوالجلال کا مشاہدہ کرے گا لیکن خلوت بہت ضروری ہے اور دنیا کی کوئی چیز خدا سے نہ طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ جمال الٰہی سے مشرف ہوگا۔

۱۴۔ اگر دہ اسماء شریف کو دو پڑھے با صوم وصلوٰۃ اور ہمیشہ روزہ سے رہے تو اللہ تعالیٰ درجات عالی پر فائز کرے گا اور ہمیشہ دل میں عشق الٰہی کے سوائے کوئی چیز گذر نہ کرے گی اور سرور کائنات کی حضوری حاصل ہوگی اور خدا کے خاص اخص بندوں میں شمار ہوگا اور دین دنیا و آخرت تینوں جہان میں اُس کا ہمسر کوئی نہ ہوگا حجابات منہ سے نکلے گا نور ظاہر ہوگی زمانہ حال کے رجال الغیب کا سردار ہوگا۔ ان دس اسماء کی دعوت اول حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے دی ہے ان کے بعد ہزارہا بزرگان دین نے دہ اسماء کی دعوت دے کر مدارج عالی حاصل کئے ہیں فقط

۱۵۔ اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہے اور کوئی علاج کارگر نہیں ہوتا تو دہ اسماء کو روزانہ ستائیس بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور چند بار پانی پر دم کرکے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ جسم کے اندر جو بھی مرض ہوگا دفع ہو کر تندرست ہو جائے گا مجرب ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو یا کسی حاکم جابر سے خطرہ ہو تو دہ اسماء

کو لکھ کر داہنے بازو پر باندھیں انشاءاللہ تعالیٰ کوئی ظالم کیوں نہ ہو افسر یا حاکم کل مہربان ہو کر ہر طرح امداد کریں گے۔

۱۷۔ **خواص دہ اسماء شریف** کے یہ ہیں جسم میں خواہ کوئی مرض کیوں نہ ہو مثلاً درد سر درد شقیقہ، درد چشم، درد گوش، درد دندان، درد گلو خناق و گلہڑ و خنازیر، درد سینہ و پہلو نمونیہ، درد ناف، درد پیٹ، درد جگر، درد گردہ، عرق النساء اور وجع المفاصل، نقرس، بندش پیشاب خواہ انسان ہو یا جانور۔ اور تپ محرقہ و لرزہ، سل و دق، فالج، لقوہ، رعشہ، مالیخولیا، جنون، مراق، ذیابیطس ہر قسم کے زہر خوردہ و مار گزیدہ یا مرد و عورت بستہ ہو۔ یا بخت بستہ ہو۔ یا کہ جادو ٹونہ جن دیو پری کوئی آسیب کیوں نہ ہو حمق اضطراب یا کند ذہن نسیان ہو اگر جسم میں کوئی بیماری یا طلسم یا کسی عمل سے رجعت ہو کر بیمار ہو گیا ہو ہر مرض ہر درد۔ ہر علت و ہر تکلیف کا علاج بھی بزرگان دین ان دہ نام سے کیا کرتے ہیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ ان ہی دہ نام کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں اور پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائے بھی اور مریض پر چھڑکے بھی اور پڑھ کر مریض پر دم کریں یا جائے ماؤف پر ہاتھ رکھ کر ایک سے لیکر ۲۱ تک پڑھ کر ہر طاق پر دم کریں اسی طرح چند بار ایک دو روز، اور سلک امراض میں ہفتہ عشرہ تک عمل کریں انشاءاللہ تعالیٰ درد میں دعویٰ تو اسی وقت بند ہوگی بخار بھی جاتا رہے گا زیادہ کریں اس سے بھی کہیں زیادہ فوائد و خواص دہ اسماء شریفہ کے ہیں جو بھی عامل جس نیت سے پڑھے گا کامیاب ہوگا۔ یہ خاص الخاص فقراء کی چیز گوہر نایاب اسرار مخفی خزانہ لاجواب ہے ان دہ ناموں کی اجازت سید قاضی حمید الدین ناگوری چشتی سے بواسطہ بواسطہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری اور بواسطہ بواسطہ سلسلہ قادری غوثیہ سید محبوب الٰہی تک پہنچا ہے جو کتاب ہذا اس حق میں درج کر دیا ہے۔

وہ نام شریف یہ ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شَرَالِیُوْ لِدَرِعِیْ جُوْسًا
مَنُوعًا عَالِمًا طَیُوْسُوْنًا سَلِیْخًا مَلِیْخًا مَلقُوْمًا یَاقِیُوْمًا
بِحَقِّ کھیعص وَبِحَقِّ حمعسق

دائیرہ فقمۃ الکبریٰ

یہ دائیرہ فقمۃ الکبریٰ حضرت امام احمد بن بونی نے شمس المعارف حصہ اول میں لکھا ہے یہ دائیرہ ہر مرض و ہر درد کے دور کرنے کو نہایت مفید ہے بزرگان دین اس دائیرہ کو لکھ کر دھو کر بھی پلاتے ہیں اور اسی پانی سے غسل بھی کراتے ہیں اور یہی دائیرہ لکھ کر کسی تیل میں ڈال کر رکھیں ہر درد کے مقام پر مالش کریں تو درد سر، شقیقہ، شقیقۃ العین، درد سینہ، درد پہلو، درد پیٹ، وجع المفاصل، عرق انسان اور جسم کے ہر درد کو دور کرتا ہے ہر مرض کو دفع کرکے مریض کو تندرست و توانا کرنے میں یہ دائیرہ نہایت مفید ہے کیونکہ اس دائیرہ میں اسم اعظم ہے جو استعمال کرے گا فائدہ اٹھائے گا۔ فقیر محبوب الٰہی کے معمول میں ہے۔

۴۸۶

۹۱ ۱۱ ۸۸ ۷ ۸۸ ر
لی لی ۶۸ ٥ عہ ۱۱
مح مع مح و فع عہ ل
۸۱ ۹۱ لی ۸ رز ا
6 ✡ ۱۱۱ اآم ۱۱۱۱ ھے و
ف ج ش ث ظ خ ز
یا حی یا قیوم لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

علاج سگ دیوانہ کا معمول طریقہ یہ ہے

آب کھار سے کچلہ مدبر کریں اور باریک کرکے سفوف بنا کر رکھیں رتی رتی روزانہ نہار منہ کھلائیں اس کے ساتھ ہی روزانہ ایک نقش بھی پلائے ۱۲ روز تک اس کے بعد ایک جلاب دیں جس سے دو تین دست آجائیں نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ۔

یہ نقش پلانے کا ہے۔

اور ایک نقش گلے میں باندھ دیں جو یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ۔ کو ۲۱ بار لکھ کر سال بھر تک گلے میں رکھیں پس اللہ کے حکم سے سگ دیوانہ کا اثر بالکل دور ہو جائے گا یہ عمل حضرت جلال الدین سرخ پوش اوچ شریف ریاست بہاولپور سے لودا اور لنگہ دونوں قوم کو عنایت ہوا ہے جس کی وجہ سے تا حال تک یہ دونوں قوم سگ دیوانہ کا علاج کرتے آئے ہیں یہ چلتا ہوا خاص الخاص ہے فقیر سید محبوب الہٰی کتاب ہذا کے پڑھنے والوں کو اجازت دیتا ہے جس کا دل چاہے کرتا رہے۔ شافی مطلق شفا دے گا۔

بیان فضائل وخواص اصحاب کہف

اصحاب کہف سات آدمی اور ایک ان کا کتا ہے ۔ یہ اصحاب دقیانوس بادشاہ جو دعویٰ خدائی کرتا تھا کے زمانہ میں اپنا ایمان بچا کر ایک غار میں داخل ہو گئے اور ابھی تک اسی غار میں ہیں جب زمانہ آخر زمان حضرت امام مہدی علیہ السلام و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آئے گا اس وقت یہ اصحاب غار سے باہر آئیں گے اور حضرت مہدی علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کر کے اسلام قبول کریں گے یہ اصحاب بہت جلیل القدر ہستی ہیں ان کے نام کی برکت سے اللہ تعالیٰ دعا قبول کرتا ہے اور ہر مصیبت و ہر مشکل و ہر رنج و غم سے نجات دیتا ہے خواص ان مبارک ناموں کے ہزاروں ہیں لیکن فقیر سید محبوب الٰہی چند خواص جو خواص و عام کے کام آنے والے ہیں جب ذیل درج کرتا ہے عاملوں مند حضرات فائدہ اٹھا کر فقیر کو دعاء خیر سے یاد فرمائے والسلام ۔

اسماء اصحاب کہف یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الٰہی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس آذر فطیونس کشافطیونس یوانس بوس وراسم کلبھم قطمیر بفضل الٰہی و برکت این اسماء مبارک اصحاب کہف فلاں حاجت روا گردد ۔

چند خواص یہ ہیں

۱۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بروایت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص نام اصحاب کہف لکھ کر اپنے پاس سفر و حضر میں رکھے گا یا اپنے سامان میں

رکھے گا تو ہر طرح کے خطرہ چوری ڈاکو یا پانی میں ڈوبنا یا آگ میں جلنے سے حق تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا کسی قسم کا اُس کا نقصان نہ ہوگا سلامت سفر سے گھر آئے گا مجرب ہے۔

۲۔ اگر اصحاب کہف کے نام لکھ کر اپنے مکان یا چھپر یا سامان میں رکھے گا تو ہر طرح کی حفاظت میں رہے گا اور کبھی اُس جگہ کو آگ نہ لگے گی بسیار مجرب ہے۔

۳۔ اگر کسی جگہ آگ لگی ہو تو نام اصحاب کہف سفید کپڑا پر لکھ کر اس کپڑا میں چند سنگریزہ باندھ کر آگ میں ڈال دیں فوراً آگ بجھ جائیگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۴۔ اگر اصحاب کہف لکھ کر لکڑی پر باندھ کر زمین کے چاروں طرف چکر دے کر پھر درمیان کھیت کے گاڑ دیں تو اُس کھیت میں کوئی جانور یا چوہا نہ کھائے گا اور نہ کسی دوسرے طریقہ سے کوئی نقصان ہوگا تمام فضل اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گی۔

۵۔ اگر ان ناموں کو لکھ کر کسی کتاب یا ظرف میں رکھیں تو کرم وغیرہ اور چوہوں سے محفوظ رہے گا اگر وہاں پانی بھی آجائے تب بھی کوئی نقصان نہ ہوگا۔

۶۔ اگر کاغذ پر لکھ کر دردزہ والی عورت کے بائیں ران پر باندھیں فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ یا مٹی کے پیالہ پر لکھ کر عورت دردزہ والی دونوں ہاتھ رکھ کر زمین پر زور سے توڑے تو بھی فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

۷۔ اگر مٹی کے پیالہ پر لکھ کر جہاں دریا زمین میں ڈھاتا ہو زمین کے اندر دفن کر دیں تو اُس جگہ سے دریا ہٹ جائے گا اور پھر اُس جگہ کبھی نہ آئے گا۔

۸۔ اگر لکھ کر تیر یا بندوق پر باندھ دیں کبھی نشانہ خالی نہ جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

۹۔ اگر کسی کے مکان میں جن وغیرہ کوئی مفرح رہتی ہو یا باہر سے پتھر مکان میں آتے ہوں تو ان ناموں کو کاغذ پر لکھ کر مکان کے ہر کمرے کے چاروں کونوں میں ایک ایک چسپاں کر دیں اور چند بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کے اندر باہر اور نیچے ہر جگہ چھڑک دیں تو ہر قسم جن یا جو بھی اندر اس مکان میں ہو یا پتھر آتے ہوں کل دفع ہو کر یہ جگہ ہر طرح اللہ تعالیٰ کی حفاظت

میں رہے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۰۔ اگر ان ناموں کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں اور جنگ میں جائے تو ہر طرح کے صدمہ سے بچا رہے گا اور مظفر و منصور ہوگا۔

۱۱۔ اگر ان ناموں کو لکھ کر ہر قسم بخار اور درد سر و درد سینہ درد کمر درد پیٹ پر باندھیں تو اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

۱۲۔ اگر ان ناموں کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو نظر حکام وافسر اور احباب عزیز ہوگا اور ہر رنج و چوری سے محفوظ رہے گا۔

۱۳۔ اگر کوئی حاجت مند دوگانہ قضاء حاجت پڑھ کر اصحاب کہف کے نام ستر بار پڑھے اول آخر درود شریف چند بار پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر ان ناموں کے وسیلہ سے اللہ سے دعا کرے بفضل تعالیٰ حاجت بر آئے گی۔

نوٹ: خواص ان ناموں کے ہزاروں ہیں جس کام کے لئے کروگے وہی ہوگا فقیر نے چند خواص لکھے ہیں۔

برائے کشف القلوب

یہ عمل علم بزرگ ہے اور نہایت عظیم النفع ہے جو شخص یہ چاہے کہ لوگوں کے دلوں کی بات معلوم ہو جائے۔ وہ سہ ہفتہ تک روزہ رکھے ترک حیوانات کیا کرے اور ان اسماء سبعہ کو جو مفاتح العلم کہلاتے ہیں اول آخر درود شریف ستر ستر بار اور ان اسماء کو ہزار بار روزانہ پڑھے وہ اسماء یہ ہیں۔

سُمَیْدَ بَدَعٍ هَلَیمُوبِ لَاتُمُوزِ دَمَعْلُوثِ هَاجِنِي نَلِیشَاءَ

هَیلُوبِ ہ کو پڑھے اور پھر بعد درود شریف کے یہ دعا تین بار پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ عَنْ قَلْبِي حِجَابَ الْغَفْلَةِ وَعَلِّمْنِي مَالَمْ اَكُنْ اَعْلَمُ وَبَيِّنْ لِي مِنْ كُلِّ مَا اَسْئَلُ عَنْهُ يَامَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَلَا مَعْبُوْدَ سِوَاهُ۔

پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اکیس روز کے بعد اثر ظاہر ہونا شروع ہوگا پھر جو شخص اس عامل کے سامنے آئیگا جو کچھ اس کے دل میں ہوگا وہ اس پر منکشف ہو جائیگا۔ مجرب ہے۔

اسرار برکات صمدانہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترکیب ریاضت اللہ الصمد باموکیل کتب تصوف میں مختلف طریقہ پر درج ہے ' جس کو اکثر طالبانِ حق پڑھتے ہیں ۔ لیکن کما حقہٗ فوائد سے بے حصول رہتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عمل اللہ الصمد باموکیل صحیح نہیں لکھا ہے ۔ جس کی وجہ سے پوری کامیابی حاصل نہیں ہوتی اس لئے فقیر سید محبوب الٰہی بہ اجازت خاص جیشولے عارفین پیرو مرشد قبلہ تو اشہ شاہ قادری ، چشتی ، نقشبندی کے طریقہ اللہ الصمد باموکیل صحیح بنفاد عام و برادران طریقت و طالبانِ حق کے لئے لکھتا ہے تاکہ پڑھ کر پورا فائدہ اٹھا کر دین و دنیا کے ہر مقاصد میں کامیابی حاصل کرنے سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کسی کے محتاج نہ رہیں اور مصنف ہٰذا سید محبوب الٰہی اور اس کی اولاد کو دعائے خیر سے یاد کریں ۔

باب اوّل

باب اوّل دعوت ، زکوٰۃ ، حشر اور قفل کا بیان یہ ہے کہ جب کوئی دعوت صمدیہ کرنا چاہے تو اللہ الصمد باموکیل اس طرح پڑھے ۔

اَللّٰہُ الصَّمَدُ کَحِیْنِیَا اِسْرَافِیْلُ یَا اَنْجَمَائِیْلُ یَلْمَدَکَدَ قَابِیْلُ .

اس طرح چار ہزار مرتبہ پڑھے اور چار حصے کرے ۔ پہلا حصہ نصاب کی نیت سے پڑھے اور اُسے خدا کے لئے بخش دے ۔ دوسرا حصہ زکوٰۃ کی نیت سے پڑھ کر اس کا ثواب رسول خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بخشے ۔ تیسرا حصہ حشر کی نیت سے پڑھ کر اس کا ثواب مصنف ہٰذا سید محبوب الٰہی اور اس کی اولاد کو بخشے ۔ چوتھا حصہ قفل کی نیت سے پڑھے ۔ اور تمام مسلمانوں کی ارواح کو بخشے ۔ ایسا کرنے سے عامل کے

سارے دینی و دنیاوی کام سرانجام ہو جائیں گے اور ولایت کے مرتبہ کو پہنچ جائے گا۔
جس چیز پر نظر ڈالے گا شل کبریت احمر کے کیمیا ہو جائے اور جو تمنا دل میں کرے گا جلدی بر آئے گی۔ کیونکہ صمد اسم اعظم ہے۔ اور صمد کے معنی ہیں نیازمندوں کی پناہ۔ نصاب زکوٰۃ عشر اور قفل کے بعد درگاہ باری تعالیٰ میں ہاتھ اٹھا کر یوں عرض کرے۔ اے بارِ خدایا میں نے اپنی پہنچ کے مطابق نصاب زکوٰۃ عشر اور قفل پڑھ کر ادا کر دیا ہے۔ تو اپنے لطف و کرم سے میری کل دینی و دنیاوی حاجتیں بر لا۔ پھر اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ اللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا اَجْمَائِيْلُ يَا مَدُوْدُ فَاشٍ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالنَّجْوٰى يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلْوٰى اِكْشِفْ عَنِّ الْحُزْنَ وَالْاَذٰى وَقَعَ عَنِّیْ فِی الْحَفْضِ وَكُسِّرَ بَابُ الْمُرَادَاتِ مِنَ الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا كُلَّ اَمْرٍ بِقُدْرَتِكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا كَرِيْمُ اَعِنِّیْ بِحُرْمَتِ هٰذِهِ الْاَسْمَاۤءِ بِحُرْمَتِ اَوْلَادِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ سَيِّدِ مَحْبُوْبِ الْعَلِیِّ ابْنِ سَيِّدٍ عُثْمَانَ الْبُخَارِیِّ وَجَمِيْعِ اَوْلِيَاۤئِكَ وَاَصْفِيَاۤئِكَ وَمَلٰۤئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ اِقْضِ حَاجَاتِیْ يَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْخَفِيَّاتِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

ترکیب ریاضت اللہ الصمد باموکیل کی یہ ہے کہ عروج ماہ قمری سعید بروز چہار شنبہ شروع کریں لیکن تاریخ دوم یا سوم نہ ہو پاکیزہ لباس پہن کر تنہا حجرہ میں بیٹھ کر بعد نماز عشا اوّل آخر اکیس اکیس بار درود شریف پڑھ کر اللہ الصمد باموکیل یعنی اَللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا اَجْمَائِيْلُ يَا مَدُوْدُ فَائِيْلُ۔ کو چار لاکھ مرتبہ پڑھے اور یہ عامل کو اختیار ہے کہ تعداد چار لاکھ بیس روز سے ساٹھ روز تک میں جتنے دن میں چاہے

پورا کرے۔ اس سے کم و زیادہ دن نہ لگائے اور اثنائے چلہ کشی میں ترک حیوانات جلالی جمالی کریں۔ یعنی سوائے مونگ کی دال جو کی روٹی یا چاول جس میں صرف نمک یا کھانڈ کے سوا کچھ نہ کھائے۔ گھی، دودھ، انڈا، مچھلی، پیاز، لہسن، مولی، ہینگ، گوشت ہر قسم بالکل ترک کر دے۔ اور بعد چلہ کے ہمیشہ ترکِ حیوانات اور بدبودار چیزیں نہ کھائیں۔ تاکہ عمل کی رجعت نہ ہو اور دوران چلہ میں ہر کس و ناکس کو اپنے متھے نہ لگنے دیں ورنہ رجعت کا خطرہ ہے۔ اور اگر رجعت ہو گی تو پڑھنے والا ہلاک یا دیوانہ ہو جائے گا۔ اور ہمیشہ قوتِ حلال کھائے خلافِ شرع کوئی کام نہ کریں۔ بعد چلہ کے ہر روز بلا ناغہ ایک ہزار بار الصمد یا موکل بمعہ درود شریف کے پڑھا کریں تاکہ عمل کی تاثیر مکمل رہے۔ اور دن بدن ترقی درجات روحانی اور ہر مقاصد دینی و دنیاوی پوری ہوتی رہیں۔ اور دوران چلہ میں اللہ الصمد یا موکل کا نقش یا طرف گلی پر لکھ کر روزانہ صبح و شام تا ختم چلہ کے پیا کریں بفضلِ الٰہی رجعت سے امن میں رہے گا اور ایام چلہ کشی میں بعد نوم غسل کریں۔ حالتِ ناپاکی ایک ساعت بھی نہ رہے۔ اگر آب میسر نہ ہو تو تیمم خود اپنے ہاتھوں سے پکا کر کھائے اور دعا اللہ الصمد کو کثرت سے پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ پڑھنے والا مالامال ہو جائے گا اور ہر مقاصد میں ہر طرح کامیابی ہوگی۔ ہر طرح کا کشف حاصل ہو جائے گا۔

دوسرا باب

کفایت و مہمات جزوی و کلی کے بیان میں

کہ جب کوئی دینی و دنیاوی مشکل درپیش آئے جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ اللہ الصمد یا موکل کو بعد نماز عشاء ایک ہزار بار بمعہ اول آخر درود شریف پڑھ کر

اپنے مقصد کی بارگاہ الٰہی میں دعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ ہر مہم خواہ کتنی ہی سخت کیوں نہ ہو۔
آسان ہو کر بر آئے گا۔

جو شخص ہر نماز پنجگانہ کے بعد ایک سو بار اللہ الصمد باھو اکیل پڑھا کرے گا تو کسی
رنج و غم میں مبتلا نہ ہوگا اور ایمان سلامت رہے گا۔ جیسا کہ وقت چاشت میں
رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا۔ انہوں نے فرمایا۔

يَا وَالِدی من قرا اللهِ الصَّمَدُ بَعْدَ كُلِّ صلواة مأة لا
يسلب ايمانه فی الموت۔

ترجمہ: اے میرے بیٹے! جس نے اللہ الصمد کو ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھا
اُس کا ایمان موت کے وقت کھویا نہیں جائے گا۔

جو شخص ہمیشہ دائمی نماز عصر کے بعد اللہ الصمد باھو اکیل پچاس مرتبہ پڑھا کرے
گا تو دونوں جہان میں اس کا مرتبہ و نام بلند ہوگا۔

سید محبوب الٰہی شاہ بخاری مصنف کتاب ہذا دامت فیوض فرماتے ہیں۔ جو شخص تین
شب بدھ، جمعرات، جمعہ متواتر کثرت سے ساری رات اللہ الصمد باھو اکیل پڑھے
گا۔ خدا تعالیٰ اس کے جسم کو دوزخ پر حرام کر دے گا اور میں اس کے بارے میں قیامت
کے دن نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت ہونے کا ضامن ہوں۔

کتاب شمس الانوار تصنیف سید عثمان بخاری میں لکھا ہے کہ جو شخص تہجد کے وقت
کثرت سے اللہ الصمد باھو اکیل پڑھے گا اس کو جمالِ الٰہی کی زیارت و مجلس حضوری رسولِ خدا
صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نصیب ہوگی اور زمین و آسمان کی کل مخلوق انس و جن دیو، پری،
پرند چرند و چرند مسخر ہو کر اُس کے ساتھ اُلفت کریں گے۔ کیونکہ صمد کے معنی وہ ذات
ہے جو یکتا اور بے نیاز اور کھانے پینے وغیرہ کی کسی چیز کا محتاج نہیں۔ پس جو شخص
اللہ الصمد باھو اکیل کی ریاضت چار لاکھ ادا کر کے ہمیشہ ورد رکھے گا وہ کسی چیز کا محتاج

نہ ہوگا۔ اور اس کی صفت سے موصوف ہو جائے گا حدیث قدسی ہے۔ اِلْاِنسانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ ۔ یعنی انسان میرا بھید ہے میں اُس کا بھید ہوں۔

مردانِ خدا خدا نباشند لیکن زخدا جدا نباشند

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ ترجمہ تم مجھے یاد کرو تاکہ میں تمہیں یاد کرو۔ پس جو شخص خدا تعالیٰ کو اُس کے ناموں میں سے کسی ایک نام سے یاد کرے گا۔ خدا تعالیٰ اسے یاد کرے گا۔ اور جو اللہ الصمد کے نام سے یاد کرے گا۔ وہ کبھی کسی چیز کا محتاج نہ ہوگا۔ اور جو چاہے سو پائے گا خدا کا کلام ہے۔

اِذَا سَئَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ الخ

ترجمہ: جب تجھ سے میرے بندے میری بابت پوچھیں تو کہہ دے کہ میں بے شک قریب ہوں جب کوئی مجھے بلائے تو میں اس کی دعوت قبول کر ․․․ (آخر آیت تک)

کتاب جلالی مصنف سید عامل علی بخاری میں مرقوم ․․․ نے پینے یا دیگر کسی چیز کا محتاج ہو تو اللہ الصمد یا موالکیل کثرت سے پڑھا کرے۔ جس چیز کی حسرت اُس کے دل میں ہو یا کسی کھانے پینے کی چیز وہ چیز خود بخود دستیاب ہو جائیں گی اور کسی قسم کا محتاج نہیں رہے گا۔

کتاب باقر الانوار میں لکھا ہے۔ جو شخص اللہ الصمد یا موالکیل بطریق حرف کے کاغذ پر بروز جمعرات بوقت طلوع آفتاب ساعت مشتری میں لکھ کر اپنے دستار میں باندھے بعد نماز عشاء کے اور ایک سو بار اللہ الصمد یا موالکیل پڑھ کر سو جائے تو خواب میں زیارت نبی صلی اللہ علیہ سے مشرف ہوگا۔

کتاب جواہر خمسہ میں لکھا ہے اسم الصمد یا موالکیل کی نو ہزار خاصیتیں ہیں۔ جو شخص ریاضت کرے گا اُس پر خود بخود منکشف ہو جائیں گے۔

۷۸۶

۴۹	۵۳	۵۶	۴۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۵۸	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

اگر کوئی اللہ الصمد یا موکیل لکھ کر اپنے گھر یا سفر میں مال یا اسباب میں تو ہر قسم کی آفت سے بے خوف رہے گا۔ ڈاک گھے کی اور نہ کوئی نقصان چور رہزن سے محفوظ رہے گا۔

تیسرا باب

کشف القلوب کے بیان میں

اگر کشف القلوب یعنی جو شخص سامنے آئے یا جس چیز کی طرف دیکھ کر چاہے کہ اس کی دل کی بات یا اس کی حقیقت معلوم ہو جائے تو اللہ الصمد یا موکیل کو روزانہ بارہ ہزار بمعہ درود شریف اول و آخر کے بارہ روز تک پڑھے تو قلب روشن ہو کر کشف القلوب حاصل ہوگا۔ یعنی جس چیز کی طرف خیال کرے گا یا جو سامنے آئے گا۔ اس کے دل کا کل حال حال کے دل میں منکشف ہو جائیں گے۔

چوتھا باب

کشف القبور کے بیان میں

اگر قبر کے حالات معلوم کرنے ہوں تو قبر کے پاس جا کر میت کی طرف منہ کر کے آنکھ بند کر کے بطور مراقبہ بیٹھ کر سر پر کپڑا اوڑھ کر اللہ الصمد یا موکیل ایک سو بار بمعہ درود شریف کے پڑھے۔ پھر خاموش مراقبہ بیٹھا رہے۔ تھوڑی دیر کے بعد قبر میں آواز سنائی دے گی یا غیب سے آواز آئے گی جو کچھ قبر والے کے حالات ہوں گے معلوم ہو جائیں گے۔

اگر بروز جمعرات بوقت طلوعِ آفتاب ساعت مشتری میں اللہ الصمد یا موکیل حنا لکھ کر قبر کی جائے

جانب رکھے اور خود بطور مراقب قبر کے پاس بیٹھے تو بھی قبر کی کل حقیقت حال پر منکشف ہوگی۔

پانچواں باب

مُردہ سے سوال وجواب کرنے کے بیان میں

اگر چاہو کر قبر والے سے سوال کر کے کسی کا جواب حاصل کروں تو شب چہار شنبہ کو قبر کے پاس جا کر منہ قبر کی طرف کر کے ایک بار الحمد شریف اور تین مرتبہ قل ہو اللہ پڑھ کر میت کو بخشے اور پھر قبر پر انگشت شہادت رکھ کر پچاس بار اللہ الصمد یا ہو کیل پڑھے اور پھر بطور مراقب خاموش بیٹھا رہے کچھ دیر میں قبر سے آواز آئے گی جو سوال کرو گے اُس کا جواب مل جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

چھٹا باب

زمین و آسمان کی سیر کرنے اور ہوا پر اڑنے کے بیان میں

جو شخص چاہے کہ زمین و آسمان کی سیر حاصل ہو تو اُس کو چاہیے پانچ شب بشب دو شنبہ سے شب جمعہ تک روزانہ پانچ ہزار بار اللہ الصمد یا ہو کیل بمع درود شریف اول آخر پڑھا کرے۔ تو مرتبہ ولایت حاصل ہوگا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس اور حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات سے مشرف ہوگا اور قوت روحانی پیدا ہو کر ہوا پر اُڑنے کی قدرت حاصل ہو جائے گی۔ اور تمام زمین و آسمان یا دیگر متبرک مقامات مثلاً کعبہ شریف یا مدینہ منورہ یا جس جگہ جانا چاہے گا آناً فاناً میں ہوا پر اُڑ کر پہنچ جائے گا۔

اگر اللہ الصمد یا ہو کیل اس نقش کو لکھ کر رات کو سر پر باندھ کر سو جائے تو خواب میں کعبہ شریف کا طواف کریگا نقش یہ ہے

۴	۳۰	۹۰	۶۶
۸۹	۷۶	۳	۴۱
۶۸	۹۲	۳۸	۲
۳۹	۱	۶۹	۹۱

ساتواں باب

خزانہ غیب معلوم کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگہ خزانہ ہو اور معلوم کرنا چاہے کس جگہ ہے تو اللہ الصمد باسوا ئیل بمعہ درود شریف پانچ روز تک ہر شب بشب دوشنبہ سے شب جمعہ تک روزانہ پانچ ہزار بار پڑھا کرے عامل کو خود بخود کشف ہو جائے گا کہ فلاں جگہ خزانہ ہے اور یا کوئی بزرگ خواب میں آکر بتا دے گا کہ فلاں جگہ خزانہ ہے اور اس طریقہ سے نکالا جائے گا۔ اگر اللہ الصمد باسوائیل بمعہ نقش کو لکھ کر سفید مرغ کی گردن میں باندھ کر جس جگہ خزانہ کا شبہ ہو چھوڑ دیں۔ مرغ عین خزانہ کے اوپر کھڑا ہو کر آواز دے گا پس عامل اپنے تصرف سے خزانہ حاصل کرے۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

آٹھواں باب

بادشاہ اور امراء یا کسی بادشاہ کو مسخر کرنے کے بیان میں

اگر بادشاہ یا کسی امیر یا کوئی ایک خاص مطلوب کو مسخر کرنا چاہے تو بیس روز تک روزانہ ایک ہزار بار اللہ الصمد باسوائیل بمعہ درود شریف اول آخر نام مطلوب بمعہ والدہ کے ساتھ تصور کر کے پڑھے اور مطلوب مسخر و مطیع ہو کر حاضر خدمت ہوگا۔ جو کچھ حکم دو نگے قبول کرے گا۔ یا بعد نماز عشاء ایک سو بار اللہ الصمد باسوائیل پڑھ کر مطلوب کی طرف دم کیا جائے ہفتہ عشرہ میں مطلوب فرمانبردار ہو کر حاضر ہوگا۔ اگر اس نقش کو لکھ کر اللہ الصمد باسوائیل با طریقہ حروف لکھ کر نام طالب و مطلوب

بمعہ والدہ بھی لکھ کر دھوپ میں یا زیرِ آتش رکھیں گرمی پہنچتے ہی مطلوب حاضر ہوگا۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۰	۵	۴	۱۸۱
۳	۱۸۴	۹	۶
۱۸۹	۲	۷	۳
۸	۱۱	۱۳	۱

نواں باب

مسخر کردن انس و جن دیو، پری وغیرہ کے بیان میں

اگر بندگانِ خدا انسان یا دیگر مخلوق جن، دیو، پری کی تسخیر چاہتے ہو تو یکشنبہ کے روز سے بعد صبح روزانہ تین ہزار بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ باموکل سات روز تک پڑھے تو جس مخلوق کو مسخر کرنے کی نیت سے پڑھے گا وہ مسخر و مطیع ہو کر حاضرِ خدمت ہوں گے۔ جو کچھ حکم دو گے یا جو چیز یا میوہ جات فصل بے فصل طلب کرو گے فوراً لاکر حاضر کریں گے اور ہمیشہ فرمانبردار رہیں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

دسواں باب

علم کیمیا و سیمیا و ریمیا کے حاصل کرنے کے بیان میں

جو شخص چاہے کہ علم کیمیا یعنی نقرہ و ذہب بنانے کے طریقے حاصل ہوں یا کہ سیمیا یا ریمیا جس کو علمِ نجوم کہتے ہیں۔ ان علموں میں سے جس کو حاصل کرنا ہو تو چاہیے پانچ روز تک روزانہ ہر شب سات ہزار بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ باموکل بمعہ درود شریف کے پڑھے اور اپنے مقصد کی دعا کرتا رہے۔ پس ایک شخص غائب سے پیدا ہو کر عامل پر ایک ایسی نظر توجہ کی ڈالے گا جس سے کل علم حاصل ہو جائیں

گے اور حضور پر نور کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ اور اگر اللہ الصمد بمعہ ہاموائیل اس نقش کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھیں اور اپنے مقصد کی دعا کرتا رہے تو بھی ایک شخص غائب سے پیدا ہو کر یہ سب علم عامل کو سکھا دے گا۔

۷۸۶

۹۷	۱۲	۲	۸۹
۱	۹۰	۹۶	۱۳
۹۱	۴	۱۰	۹۵
۱۱	۹۴	۹۲	۳

گیارہواں باب

دستیاب کرنا کچا یا پکا کھانا در صحرا وغیرہ میں

اگر بستی سے دور جنگل یا صحرا وغیرہ میں یا ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں کوئی چیز میسر نہ ہو اور مطلب ہو کہ ہر چیز خوردنی کچا یا پکا حاصل ہو جائے تو گیارہ بار اللہ الصمد ہاموائیل پڑھ کر دعا کریں۔ پھر تھوڑی دیر میں کوئی شخص بشکل انسانی حاضر ہوگا جس چیز کی طلب ہوگی حاضر کر دے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ

بارہواں باب

رجال الغیب کے مسخر کرنے کے بیان میں

اگر رجال الغیب کی تسخیر مطلوب ہو تو ایک چھری فولادی پر ہاموائیل اللہ الصمد لکھ کر زمین میں گاڑ دیں۔ پھر اللہ الصمد ہاموائیل ستر بار پڑھ کر چھری پر دم کریں اور دعا کریں۔ پھر فوراً رجال الغیب یعنی زمین کے اندر کی تمام مخلوق پیدا ہو کر مسخر اور مطیع ہوں گے اور جو کہو گے بجا لائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

تیرھواں باب

مسخر کرنے فیل یا شیر برائے خود سواری کرنے کے بیان میں

اگر کوئی شخص چاہے کہ فیل یا شیر پیدا ہوں تاکہ میں ان پر سواری کروں تو اُس کو چاہیئے کہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یا موکیل بمعہ درود شریف اسّی بار پڑھ کر دعا بدرگاہ رب العالمین میں اپنے مقصد کی کرے۔ پس فوراً فیل یا شیر جس چیز کی ضرورت ہوگی حاضر ہو کر مطیع و مسخر ہوں گے جس پر چاہو سواری کریں۔ جہاں چاہو گے لے جائیں گے اگر یہ نقش بمعہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یا موکیل لکھ کر درخت پر باندھیں اور اپنے مقصد کی دعا باری تعالیٰ سے کریں تو بھی اُس جگہ فوراً فیل یا شیر حاضر ہو کر مطیع ہوں گے۔

۷۸۶

۵	۱۸۲	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۷۹	۸
۱۸۱	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۸۰

چودھواں باب

سانپ بچھو کے مسخر کرنے کے بیان میں

اگر سانپ بچھو کی تسخیر چاہتے ہو تو اَللّٰہُ الصَّمَدُ یا موکیل بمعہ درود شریف دو ہزار بار روزانہ پانچ روز تک اپنے مقصد کی دعا کرے بحکم ایزدی فوراً سانپ بچھو بکثرت پیدا ہو کر مسخر و مطیع ہوں گے۔ اور جو کچھ حکم دو گے فوراً بجا لائیں گے۔

پندرھواں باب

سانپ و دیگر موذی جانور دفع کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگہ سانپ یا دیگر کوئی موذی جانور مخلوق خدا کو تکلیف پہنچاتے ہوں تو چاہیے کہ نو روز تک روزانہ ایک ہزار بار یاصمد کیل اللہ الصمد بمعہ درود شریف کے پڑھے اور پانی پر دم کرکے اس اس جگہ چھڑک دیں۔ تو تمام موذی جانور نقصان پہنچانے والے اس جگہ کو چھوڑ کر چلے جائیں گے اور اس جگہ پر نہیں آئیں گے۔ اگر کسی کو سانپ بچھو یا دیگر کسی جانور خلاً کتا، گیدڑ وغیرہ نے کاٹا ہو اور جس کے خوف سے ہلاکت کا ڈر ہو تو اللہ الصمد یاصمد کیل بمعہ درود شریف اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس مریض کو پلا دیں اور مریض پر بھی دم کریں تو ہر قسم کا زہر دفع ہو کر مریض بالکل تندرست ہو جائے گا۔

سولھواں باب

ہوا کو مسخر کرنے کے بیان میں

اگر ہوا کو مسخر کرنا ہو تو روزانہ نو روز تک ایک ہزار بار اللہ الصمد یاصمد کیل بمعہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ تو فوراً ہوا مسخر اور فرمانبردار ہوگی جس طرف حکم دو گے اسی طرف ہوا جائے گی۔ اگر کسی کے جسم میں کسی جگہ ریح ٹھہر کر درد رہتا ہو تو اللہ الصمد یاصمد کیل بمعہ درود شریف گیارہ بار پڑھ کر باد کے مقام پر دم کریں باذن اللہ تعالیٰ ہر قسم کی ریح باد دفع ہو کر جسم میں کوئی درد نہ رہے گا۔

ستارھواں باب

آگ پیدا کرنے اور غیب کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگل یا صحرا میں آگ پیدا کرنا چاہو تو ایک کوری ٹھیکری پر اللہ الصمد بامؤکل لکھ کر پھر گیارہ بار اللہ الصمد بمعہ مؤکل پڑھ کر ٹھیکری پر دم کر کے زمین پر ماریں۔ پس فوراً آتش عظیم پیدا ہوگی اگر کسی کے گھر یا کسی مخصوص جگہ آگ لگانی ہو تو اللہ الصمد بمعہ مؤکل کو ایک مشت خاک پاک پر ایک سو بار پڑھ کر دم کر کے جس جگہ پر ڈالو گے وہاں فوراً آگ پیدا ہو کر لکڑی اینٹ پتھر تو کیا سب جل کر خاک در خاک ہو جائیں گے۔ اگر پھر آگ کو دفع کرنا چاہو تو صرف نو بار پڑھ کر آگ کی طرف دم کر دیں۔ فوراً آگ بجھ کر غائب ہو جائے گی۔

اٹھارھواں باب

بر و بحر مسخر کرنے کے بیان میں

اگر کسی جگہ دریا کی اس قدر طغیانی ہو جس سے مخلوق کو تکلیف پہنچتی ہو یا دریا کو خشک کرنا منظور ہو تو ایک مٹی کے پاک ڈھیلا پر نو سو بار اللہ الصمد یا مؤکل بمعہ عدد شریف پڑھ کر دم کر کے دریا میں ڈال دیں تو فوراً دریا کی طغیانی ختم ہو کر ہٹ جائے گا یا خشک ہو جائے گا۔ پھر جب چاہو کر دریا جاری ہو تو ایک سو بار پڑھ کر دریا کی طرف دم کر دیں دریا جاری ہو جائے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

اگر چاہو کر زمین کوتاہ ہو جائے تو زمین پر ایک بڑا دائرہ گول کھینچ کر اللہ الصمد یا مؤکل ایک سو بار پڑھ کر دائرے کے اندر زمین پر دم کر دیں پس فوراً زمین چھوٹی ہو جائے گی۔ جہاں چاہو چند قدم رکھتے ہی پہنچ جاؤ گے۔ اگر پھر چاہو کر زمین دراز ہو جائے

تو دائرہ کو اپنے ہاتھ سے مٹا کر مٹی کو ہوا میں اُڑا دیں ۔ پس زمین دراز ہو جائے گی

اگر مشتری کی ساعت میں یعنی بروز جمعرات بوقت طلوع آفتاب اللہ الصمد باموکل اس نقش کو لکھ کر اپنے ران پر باندھے اور راستے چلے تو اس کے چلنے میں زمین کوتاہ ہو جائے گی ۔ جہاں چاہو ہزار میل کا سفر چند منٹ میں طے کر لو ۔

٧٨٦

٨	١١	١٨٠	١
١٧٩	٢	٧	١٢
٣	١٨٢	٩	٦
١٠	٥	٤	١٨١

انیسواں باب

چاند سورج مسخر کرنے کے بیان میں

اگر چاند سورج مسخر کرنا ہو تو سات روز تک روزانہ پانچ ہزار بار اللہ الصمد باموکل بمعہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے ۔ پس چاند سورج یا جس ستارہ کو مسخر کرنے کی نیت ہوگی حاضر ہو کر فرمانبردار ہوگا جو حکم دو گے بجا لائیں گے ۔ باذن اللہ تعالیٰ

بیسواں باب

فراخی رزق و ادائے قرض کے بیان میں

اگر کسی کو تنگدستی کی وجہ سے رزق کی کمی ہو تو چاہئے کہ بعد نماز صبح کے روزانہ اللہ الصمد باموکل بمعہ درود شریف ایک سو بار پڑھا کرے ۔ چند روز میں رزق کی کشادگی اور ہر قسم کی تنگی دُور ہو جائے گی اگر قرض دار ہے تو بعد ہر نماز فرض پنجگانہ کے اللہ الصمد باموکل بمعہ درود شریف پچاس بار پڑھا کرے ۔ اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی وسیلہ سے جلدی قرض ادا کر دے گا اور دن بدن دولت زیادہ ہوتی جائے گی ۔ اور ہر قسم کے نقصان سے اللہ کی امان میں رہے گا ۔

۷۸۶			
۹۰	۵	۳۹	اللہ ۶۶
۳۸	۶۷	۸۹	۶
۶۸	۴۱	۲	۸۸
۴	۸۷	۶۹	۴۰

اگر اللہ الصمد باموکیل بمعہ اس نقش کے لکھ کر اپنے گھر یا مال اسباب میں رکھیں تو دن بدن دولت زیادہ ہوگی، چور اور ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

اکیسواں باب

بخت بستہ کرنے یا کھولنے کے بیان میں

جب کوئی ظالم و فاسق مخلوقِ خدا کو بہت ناجائز تنگ کرتا ہو۔ تو اللہ الصمد باموکیل بمعہ نام ظالم و مادر لکھ کر پرانی قبر میں پیروں کی طرف دفن کریں پس اس ظالم کا بخت ایسا بستہ ہوگا کہ تمام اس کے کاروبار درہم برہم ہو کر ہر قسم کی تنگی واقع ہو جائیگی اگر کسی بخت بستہ کو کھولنا چاہو تو لوبان پر ایک سو بار اللہ الصمد باموکیل بمعہ درود شریف پر دم کر کے بخت بستہ کے سامنے آگ میں ڈال کر جب لوبان کی خوشبو اس کے دماغ تک پہنچ جائے۔ پس بستہ بخت کشادہ ہو جائے گا۔

بائیسواں باب

ہر قسم بیماری دفع کرنے کے بیان میں

اگر کوئی شخص ایسی بیماری میں مبتلا ہو کہ جس کے علاج سے اطباء عاجز آگئے ہوں۔ اور کسی طرح صحت یاب نہ ہوتا ہو مثلاً سل، دق، دائمی نزلہ، ضیق النفس، وضع المفاصل ذیابیطس اور دیگر لاحق امراض کے لئے روزانہ ایک ہزار بار اللہ الصمد باموکیل پڑھ کر مریض پر دم کریں اور چند مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں تو ہر قسم کا مزمنہ امراض

تین روز میں دفع ہو کر مریض تندرست و توانا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔
فقیر کا اکثر معمول ہے۔
اگر کوئی ظالم فاسق جو مخلوق کو ناجائز تنگ کرتا ہو اُس کو ہلاک کرنا منظور ہو تو ماہ قمری کے آخری منگل کو قبر کے پاؤں کی طرف بیٹھ کر منہ میں برگ نیم یا کوئی کڑوی چیز رکھ کر ایک ہزار بار اللہ الصمد بامؤکیل تین روز تک پڑھے اور دعا کریں کہ الٰہی فلاں شخص را ہلاک کن۔ تو وہ شخص ایسی سخت بیماری میں مبتلا ہو گا جس سے وہ آخر کار ہلاک ہو جائے گا۔

تئیسواں باب

خواب کے بند کرنے اور کھولنے کے بیان میں

اگر کسی ظالم فاسق کی نیند بند کرنی ہو۔ کہ دن رات میں کسی وقت نہ سوئے تو نام دشمن بمع والدہ اللہ الصمد بامؤکیل کے ساتھ بروز بدھ وقت طلوع آفتاب ساعت عطارد میں لکھ کر زیر آتش دفن کر دیں۔ تاکہ گرمی پہنچتی رہے۔ پس دشمن کی نیند ایسی بند ہو گی کبھی نہ سوئے گا۔ آخر کار دیوانہ ہو کر گھر بار چھوڑ کر بری حالت سے ہلاک ہو گا۔ اور جب کسی کی نیند کھولنی چاہو تو لکھے ہوئے کو آگ سے نکال کر پانی میں دھو کر بہا دیں اور چند مرتبہ پڑھ کر اُس پر دم بھی کر دیں۔ پس اُس کی نیند کھل جائے گی۔ اور جلدی آرام ہو جائے گا۔

چوبیسواں باب

بستہ کرنے شہوت زانی کے بیان میں

اگر کوئی شخص سخت زانی ہو اور کسی نصیحت سے باز نہ آتا ہو۔ تو ایک چھری فولادی

پر اللہ الصمد بامواکیل لکھ کر پھر پچاس مرتبہ اللہ الصمد بامواکیل بمعہ نام زانی و مادر پڑھ کر چھری پر دم کر کے نمناک زمین میں دفن کر دیں۔ پھر اُس کی شہوت ایسی بستہ ہوگی کہ کسی عورت کے قابل نہ رہے گا۔

پھر جب چاہو کہ شہوت بستہ کھل جائے تو چھری کو نکال کر ہزار بار اللہ الصمد بامواکیل پڑھ کر چھری پر دم کر کے دھو کر پانی میں بہادیں۔ بستہ شدہ کھل کر از سرِ نو مرد قابل عورت کے ہوجائے گا یا سات ٹکڑے روٹی پر پڑھ کر کھلادیں۔

پچیسواں باب

مُردہ دل زندہ کرنے کے بیان میں

اگر کسی کا دل ایسا ہو کہ نماز روزہ یا دیگر عبادات یا اطاعت خدا رسولؐ سے منحرف ہو تو شب چہار شنبہ سے تا شب جمعہ تین روز تک برابر روزانہ ایک مجلس میں ایک ہزار بار اللہ الصمد بامواکیل بمعہ درود شریف کے۔ تو مردہ دل زندہ ہو کر غفلت و کاہلی و فراموشی دور ہو کر کم کھانا کم سونا، اور عبادت کرنے کی عادت ہوجائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

چھبیسواں باب

کرامت کردن برزمین ایک ساعت میں آب و درخت میوہ جات پیدا ہو کر کھائے جائیں

جو چاہے کہ ایک ساعت میں طرح طرح کی کرامات دکھائے اور زمین پر درخت فوراً پیدا ہو کر میوہ جات خوردن پیدا ہوں یا دیگر پانی کھانا دنیوی نعمتیں موجود ہوں۔ تو اللہ الصمد بامواکیل کوری ٹھیکری آب نادیدہ پر بروز سوموار بوقت طلوعِ آفتاب

ساعت قرین لکھ کر زمین میں دفن کر دیں ۔ تو فی الحال کل چیزیں آب و نعمتیں میوہ جات درخت وغیرہ پیدا ہوں گے ۔ خود بھی کھائیے اور مخلوق کو بھی کھلائیے ۔ پھر جب ناپید کرنا ہو تو ٹھیکری زمین سے نکال دیں۔ سب کچھ کرشمے دُور ہو جائیں گے ۔

ستائیسواں باب

متفرق کرامات کے بیان میں

اگر چاہے کہ مجلس میں سانپ پیدا ہو تو ایک لکڑی بقدر گز پر ایک سو بار اللّٰہ الصمد باموایل پڑھ کر دم کر کے مجلس میں چھوڑ دیں ۔ وہ لکڑی فی الفور سانپ بن جائے گی ۔ جب چاہو کر پھر لکڑی ہو اکیس بار پڑھ کر دم کریں لکڑی ہو گی یا کہ مجلس میں بچھو پیدا کرنے ہوں تو نیم کے پتوں پر پچاس بار اللّٰہ الصمد باموایل پڑھ کر دم کر کے مجلس میں چھوڑ دیں ۔ فوراً بچھو بن جائیں گے ۔ جب پھر چاہو کہ پتے ہو جائیں چند مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں پتے بن جائیں گے ۔

اگر چاہو کہ کنوئیں سے پانی اُبل کر باہر آجائے تو ایک مٹی کے پاک ڈھے پر ستر بار اللّٰہ الصمد باموایل پڑھ کر دم کر کے کنوئیں میں ڈال دیں فوراً کنوئیں کا پانی اُبل کر باہر آجائے گا ۔ اور جب چاہو کہ پھر پانی جگہ پر چلا جائے تو نو بار پڑھ کر پانی کی طرف دم کر دیں ۔ کنوئیں کا پانی پھر اپنی اصلی جگہ پر چلا جائے گا ۔

اگر کسی کا ارادہ ہو کہ جنگل میں چراغ روشن ہوں تو چار کوری ٹھیکریوں پر اللّٰہ الصمد باموایل ایک ایک بار لکھ کر پھر ستر بار پڑھ کر ٹھیکریوں پر دم کر کے چاروں طرف ایک ایک کر کے ڈال دیں ۔ فی الحال چار چراغ روشن ہو جائیں گے ۔ جب تک چاہو گے روشن رہیں گے ۔ جب بجھانا ہو تو چار ڈلے پاک مٹی پر نو نو بار پھر ڈلے پر پڑھ کر دم کر کے چراغوں کی طرف پھینک دیں ۔ چراغ غائب ہو جائیں گے ۔

اگر بعد ہر نماز فریضہ پنجگانہ کے ایک ایک سو بار اللہ الصمد با موکل پڑھا کرے گا اس کی دل کی آنکھ کی تاریکی دور کر روشن ضمیر ہو جائے گا۔

اگر بعد نماز عشاء ہمیشہ پچاس بار اللہ الصمد با موکل کا ورد رکھے گا۔ تو وقت نزع موت سکرات اس پر آسان ہو گی اور سلامتی ایمان کے ساتھ اس جہان سے رخصت ہو گا۔ قبر کے عذاب سے نجات پائے گا۔ قیامت میں اس کا حشر نیک اور صالحین کے ساتھ ہو گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اگر کسی مرد یا عورت پر جن یا دیو پری کا اثر ہو اور کسی طرح نہ جاتا ہو اور نہ جواب دیتا ہو کہ میں کون ہوں تو ایک پھول گلاب یا خوشبودار پر سات بار اللہ الصمد با موکل اور سات بار آیت وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ○ پڑھ کر پھول پر دم کر کے مریض کو سونگھائے۔ پس بو کی دماغ میں پہنچتے ہی جن وغیرہ جس کا بھی اثر ہو گا بولنے لگے گا کہ میں فلاں ہوں اور یہ میرا نام ہے۔ میرا جسم ہر سے پر تک آہنی زنجیر سے بندھ گیا ہے مجھ کو چھوڑ دو پھر نہ آؤں گا۔ اگر وہ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام اور حضرت پیران پیر سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی قسم کھا کر کہے کہ مجھے چھوڑ دو پھر نہیں آؤں گا۔ تو چاہیئے کہ آزاد کر دیں کیونکہ جن بھی مخلوق خدا ہے۔ جب وہ توبہ کرے تو چھوڑ دینا چاہیئے۔ اگر وہ کسی طرح چھوڑنے یا قسم کھانے پر رضامند نہ ہو تو تین عدد ہانڈی گلی بمعہ سرپوش آب نادیدہ لے کر سرپوش پر دعا ذیل مندرجہ کی جانب لکھ کر پھر ماش سیاہ ایک مٹھی لے کر دعا ذیل گیارہ بار پڑھ کر ماش پر دم کر کے مریض کے سر سے لے کر پاؤں تک تین بار ہاتھ پھیرا کر ماش ہانڈی میں ڈال کر اوپر فوراً سرپوش سے بند کر دیں۔ اور کوئی وزن دار چیز رکھ دیں نیچے ہانڈی کے آگ

جلائیں منہ آٹا سے بند کردیں۔ سوئی کے برابر بھی سوراخ نہ رہے ورنہ جن بھاگ جاگ جائے گا۔ احتیاط رکھیں۔ پس جن کے جلنے کی علامت معلوم ہوگی۔ یعنی ہانڈی حرکت کرے گی اور جلنے کی نہایت بدبو آئے گی۔ جس سے ثابت ہوگا جن جل کر ہلاک ہوگیا ہے۔ اسی طرح تین عدد ہانڈیاں بمعہ سرپوش اور سانپ سیاہ کامل کریں۔ تاکہ اگر اس کے ساتھی حملہ کو رہیں تو وہ بھی قید ہوکر جل کر ہلاک ہوجائیں۔ پھر ہانڈیوں کو زمین کے اندر گہرا دفن کردیں۔ پس مریض کے درد سر ونیم سر ودرد بدن ودیوانگی رفع ہوکر بالکل تندرست ہوجائے گا۔ سرپوش پر لکھنے کی دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا اَهْجَمَائِيْلُ يَاصَدُوْعَفَائِيْلُ گرد باگرد ہزار در ہزار حصار بستم قفل شدالیوا اذرعالیو وشامنوعا عالمالطیوسون صلیما ملیما ملجوفا وقیوما بحق كهيعص وبحق حمعسق اهیا اشراهیا برحمتك يا ارحم الراحمين ط

اجازت خاص وعام

معلوم ہو کہ اللہ الصمد باموکلین کی لو ہزار عاملین ہیں سید محبوب الٰہی اپنے معمولات سے رفاہ عام کی خاطر ستائیس باب میں اللہ الصمد کے چند خواص کتاب ہذا وصل حق پر درج کرتا ہے۔ تاکہ مریدان صادق اور طالبان حق کا ذوق وشوق بڑھتا رہے اور دنیا کی فضول ولغو باتوں اور ردی اعمال سے بچ کر صرف اپنے معبود حقیقی کی یاد میں مطابق سنت سرکار دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے تمام مصائب دینی ودنیاوی سے امام حاصل کرکے اپنے مقاصد میں کامیاب رہیں ہر فرد وبشر مرد وعورت نسل انسان کو ساری کتاب وصل حق خصوصاً یا نسخہ اللہ الصمد

باصواکیل بمعہ فوائد قصیدہ غوثیہ و ختم خواجگان پیران عظام کی عام اجازت کلمہ کی دیتا ہے۔ جس کا دل چاہے میرے لکھے کے مطابق عمل کرے۔ کسی قسم کی دہشت یا خوف طاری نہ ہوگا کیونکہ میرے دادا مرشد کمل عظمے شاہ سے تمام روحانیات خصوصاً واکیلوں وجناتوں نے وعدہ کیا ہوا ہے کہ تیرے سلسلے قادریہ غوثیہ پر چلنے والے کو کسی قسم کا خوف یا تکلیف نہ پہنچائیں گے اور فقیر نے یہ کتاب 'وصل حق' اول سے نے کر حرف بحرف آخر تک حضرت پیران پیر عبدالقادر جیلانی کی منظوری اور اجازت سے لکھی ہے قسم ہے اُس رب لازوال کی جس کے قبضہ قدرت میں کل عالم ہے میرے لکھے کے عین مطابق ریاضت کرنے والا اپنے مقاصد میں کامیاب نہ ہو تو روزِ حشر میرا دامن اُس کا ہاتھ ہوگا جھوٹ پر لعنت بیچ پر صلوٰۃ۔ آؤ جس کا دل چاہے معرفت کا کشند لبریز ہے شراب شوق عشق پی کر گوہر نایاب حاصل کرکے دنیا فانی سے فنا باللہ ہو کر ایک ذات میں ملکر دوامی زندگی حاصل کریں۔ فقط والسلام

از سید محبوب الٰہی قادری چشتی نقشبندی موضع کوٹے شاہ زیرین ضلع ساہیوال۔

حال مقیم دیپالپور بستی عبداللہ ضلع ساہیوال۔

طریقہ درودِ مستغاث شریف

جس مجلس میں درود پاک پڑھا جائے وہاں دل و دماغ اور لباس و بدن جگہ و مکان کا معطر ہو۔ معطر ہونا اور قاری و سامع ہر ایک کا مودب ہونا شرط اولین ہے۔ کیونکہ وہاں حاضری سید المرسلین ہے لہٰذا کسی کا مشرف بہ دیدار ہونا قرین ترین ہے درود مستغاث شریف کے ختم شریف کے تین طریقے مشائخ عظام سے مروی ہے۔ اصغر۔ اوسط اور اعلیٰ۔

ختم اصغر یہ ہے کہ تمام اہل محفل مودب و معطر و مطہر ہوں اور نہایت ادب و توجہ سے سنتے رہیں اور ساکت و صامت ظاہراً جبکہ باطناً سامع و ناظر و حاضر و قائم رہیں۔ اور ایک شخص مودب ایستادہ ہو کر چشم نم درود مستغاث شریف پڑھتا رہے۔ سنتے رہیں اور دل ہی میں اپنا اپنا استغاثہ حضور سرور کائنات ﷺ دائر کریں۔ ختم اوسط یہ ہے کہ ایک شخص پڑھے اور باقی بھی ساتھ ساتھ ایک ایک مرتبہ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ اور ایک ایک مرتبہ المدد المدد پڑھتے ہوئے قاری و آواز کا ساتھ دیں۔

ختم اعلیٰ کہ سب سے اولیٰ و افضل ہے یہ ہے کہ تمام حاضرین تین تین مرتبہ الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہتے ہوئے امام کا ساتھ دیں۔ ایک اہم بات اور یہ ہے کہ ہم آواز ہونے کی بھرپور سعی کریں۔ امام کے ساتھ ساتھ پڑھیں۔ امام کے بولنے سے قبل مت بولیں اور امام کے سکوت کے بعد گویا مت رہیں۔ حضرت سید نا احمد کبیر رفاعی سے روایت ہے کہ جس گھر میں ہفتہ میں ایک مرتبہ ختم مستغاث شریف ہو جائے وہاں اتفاق اور باہمی محبت ہوتی ہے۔ اور گھر کے ہر کام میں خیر و برکت قائم رہتی ہے۔ اور اللہ تبارک و تعالیٰ وہاں سے رزق عنایت کرتا ہے کہ خبر بھی نہیں ہوتی۔

طریقہ زکوٰۃ درودِ مستغاث شریف : درودِ مستغاث شریف کی زکوٰۃ کے بھی تین اسالیب مشائخ کاملین سے روایت ہیں اوّل صغیر دوم متوسط سوم کبیر ہے جب بھی کسی مہم یا مشکل ناممکن الحصول میں گرفتار ہو۔ زیارت نبوی ﷺ کا خواستگار ہو۔ تو درود مستغاث شریف کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس سے عامل مستغاث شریف بھی ہو گا اور حاجت ناممکن بھی ممکن ہو کر حاصل ہو گی سعید دارین ہو گا۔ دوران زکوٰۃ روزہ رکھے۔ ہر وقت باوضو رہے۔ وقت اور جگہ مقرر رکھے جماع، مبادی جماع، گوشت مچھلی پیاز انڈا دودھ دہی گھی لہسن وغیرہ سے اجتناب کرے۔ کپڑے سفید پڑھتے وقت پہنے پڑھنے سے قبل غسل پاکیزہ کرے۔ جہاں پڑھے وہیں خواب کرے۔ نیت نیک پاک اور درست رکھے۔ بعد ادائے دعوت حسبِ قدر کھانا شیرینی پکا کر نیاز کرے اور جناب ختم نبوت مآب ﷺ کو ایصال کرے پھر تمام انبیاء اولیاء شہداء و سعداء اور صالحین کو آپ ﷺ کے ہاتھوں ایصال کرے اور سعادت دارین طلب کرے۔ پھر حسبِ قدر ایک مرتبہ یا تین مرتبہ درود رکھے پس جملہ مشائخ عظام کی تائید و نصرت غیبی سے ہر وقت سرفراز رہے گا۔

دعوتِ صغیر : یہ ہے کہ بغیر خلوت اختیار کئے۔ اول چاند کی بدھ ہو اس سے بعد ق قلب شروع کرے پہلے روز درودِ مستغاث ایک مرتبہ دوسرے روز دو مرتبہ تیسرے روز تین مرتبہ علی ہذا القیاس گیارہویں روز گیارہ مرتبہ پھر بارہویں روز دس مرتبہ تیرہویں روز نو مرتبہ علی ہذا القیاس ایک مرتبہ تک پہنچ جائے۔ اکیس یوم مکمل نہ ہونے پائیں کہ حاجت پوری ہو کر سعادت ابدی [illegible] سے سرفراز ہو۔ اور قضاء حاجت کے ساتھ ساتھ ادائے دعوت بھی ہو جائے۔

دعوت متوسط: یہ ہے کہ ممکن ہو تو خلوت کرے ورنہ لازم نہیں ہے۔ گیارہ روز تک روزانہ گیارہ مرتبہ درود مستغاث شریف پڑھا کرے پس قاضی الحاجات کرم کرے گا۔ جس حاجت کے لیے کرے گا کفایت ہو گی خواہ وہ کیسی ہی مشکل اور نا ممکن ہو اور خواہ وہ زیارت کا مدعا ہی کیوں نہ ہو۔

دعوت کبیر: مروی از حضرت امیر سید جلال الدین سرخپوش بخاری کہ جلال الدین جہانیاں جہاں گشت کے جد امجد اور تمام سادات بخاری کے جد الاجد ہیں یہ رقیم محبوب علی بن عثمان علی حسینی نقوی بخاری بھی آنجناب کی اولاد سے ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ دعوت ہذا محض رضائے خداوندی اور حصول مراتب قربیہ کے لیے ادا کرے کار دنیوی کی نیت نہ ہو۔ خلوت میں ضرور رہے کسی سے کلام نہ کرے تحریرا معاملات کرے اگر کرنے پڑ ہی جائیں۔ روزانہ تعداد مقررہ سے پڑھے۔ احرام باندھے رکھے تصور شیخ کامل کا کیئے ہو اور گیارہ سے اکیس دنوں کے اندر اندر ایک ہزار مرتبہ تعداد پوری کرے دن خالی ہوں۔ کیونکہ اللہ وتر وحب الوتر ولہ ہے۔ اس دعوت کے فضائل صرف وہی جانے گا جو کہ کرے گا۔ دوسرے کی مجال وہاں کہاں۔ سوائے خطرہ رحمانی کے کوئی خطرہ اس کے دل میں جاگزین نہ ہو گا۔ فقیر ہر ایک کو ان دعوات کی اجازت عام دیتا ہے مگر یاد رکھو جو کوئی شہنشاہ طریقت سیاں پیر و مرشد آقا و مولا جناب قبل ہو اللہ شاہ صاحب کہ حامل مفاتیح درود مستغاث شریف ہیں کو سات مرتبہ سورۃ فاتحہ شریف پڑھ کر دعوت شروع کرنے سے قبل ایصال نہ کرے گا اس کا ناکام رہنا یا موفق ہونا مشکل ہے باقی قادری خود مختار ہے ہم تو نیک صلہ حضور کو سمجھائے دیتے ہیں۔

فضائلِ درودِ مستغاث شریف: درود مستغاث شریف کے جو فضائل صالحین سے روایت ہیں ان کے تمام وکمال بیان کو ایک دفتر کبیر درکار ہے۔ البتہ چند معروف فضائل درج ذیل کیے جاتے ہیں ملاحظہ ہوں۔ ﴿واسطے فراخی معاش کے﴾ تین رات ساتھ حضورِ دل کے تمام رات بھر درود مستغاث شریف کا ورد کرے بطفیل آنحضرت ﷺ رزق کی وسعت ہو گی۔ ﴿دفع سرکشی﴾ اگر کوئی سرکشی کرتا ہو تو شب کے پچ غسل کرے اور جامہ نیا پہنے اور تین مرتبہ درود مستغاث شریف الحزب المستغاث پڑھ کر اس سرکش کی طرف پھونکے انشاء اللہ تابعدار اور فرمانبردار ہو گا۔ ﴿حصولِ مقصود﴾ کسی شب جامہ پاک و معطر پہن کر منہ بطرف قبلہ کر کے پانچ مرتبہ درود مستغاث شریف پڑھے اور دعا مانگے البتہ مقصود حاصل ہو گا۔ ﴿برکت طعام﴾ اگر اس درود پاک مستغاث شریف کو پڑھ کر طعام پر پھونکے تو اس طعام میں ہر نوع کی برکت پیدا ہو گی۔ اگر عامل کبیر درود مستغاث شریف ایک مرتبہ پڑھ کر ظرف پوشی کرکے جتنا چاہے نکالتا رہے بعد اتمام باقی بامعد رہے گا بشرط کہ ظلم ہر نوع سے مبرا ہو۔ ﴿دفع عطش﴾ اگر بیابان میں غلبہ عطش وا شتداد کا ہو تو بصدق دل یہ درود مستغاث شریف پڑھے بطفیل آنحضور ﷺ کے طعام و شربت فی الفور پیدا ہو گا۔ ﴿بازیابی اول﴾ مال گم گشتہ اسکو ایک مرتبہ پڑھے مال یاب ہو۔ ﴿امان کشتی وغیرہ﴾ کشتی وغیرہ میں سواری کے سے پڑھ کر بہ نیت الطرف دم کردے تو ہمہ آفات ایمن ہو گا۔ ﴿دفیعہ قحط سالی﴾ اگر قحط سالی ہو تو ہر روز تین بار تبہ پڑھ کر آسمان کی طرف دم کرے خدا اپنے فضل و کرم سے بارانِ رحمت کا نزول فرمائے گا۔ ﴿حصولِ زیارت نبوی ﷺ﴾ ہر کہ حقیقی زیارت ہو دعوت درود مستغاث شریف لوا کرے ضرور مشرف بہ زیارت ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ یا متواتر تین رات لباس پر خوشبو اور پہن کر بادب عجز و نیاز سے بعد جمعرات جمعہ ان تینوں دنوں کی راتوں میں بھی

درود مستغاث شریف کی تلاوت میں مشغول رہے انشاء اللہ دیدار ذات اشرف سیدنا
آنحضور ﷺ سے مشرف ہوگا۔ مگر مقام پاک ہونا لازم ہے خواہ مسجد میں ہو یا
جنگل۔ ﴿دفیعہ امراض﴾ اگر کوئی مرض لاعلاج لاحق ہو جائے تو ہر روز طعام پکا کر
فاتحہ سیدنا آنحضرت ﷺ گزار درود مستغاث شریف پڑھ کر پانی پر [illegible] کے مریض
کو ہر روز پلاویں بطفیل الٰہی شفا عاجل سے مرض آجل دفع ہو گی۔
﴿دفیعہ نافرمانی اولاد﴾ اگر اولاد نافرمان ہو تو پانی پر سات مرتبہ دم کر کے سات
دن تک یہ درود مستغاث شریف پلاتے رہیں انشاء اللہ فرمانبردار ہو گی مگر من لا
یرحم لا یرحم اور جو فرمانبرداری نہیں کرتا اسکی فرمانبرداری نہیں ہوتی۔
﴿وسعت رزق﴾ کاروباری مقام پر روزانہ صبح ایک مرتبہ پڑھنا باعث وسعت رزق
ہے۔ ﴿برائے الفت﴾ اگر کسی گروہ یا دو اشخاص میں مخاصمت و مفارقت ہو تو طعام و
شربت پر درود مستغاث شریف دم کر کے پلاویں انشاء اللہ مفارقت موافقت سے
بدل ہوگی۔ ﴿قضائے حاجت﴾ اگر کسی خاص کام کے لیے دعا کرنی ہو اور خواہش
ہو کہ وہ ضرور ہی قبول ہو تو بعد نماز جمعہ مسجد میں بیٹھ کر درود [illegible] شریف گیارہ مرتبہ
پڑھیں پھر سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور دعا مانگیں ضرور قبول ہو گی تین جمعہ نہ گزرنے
پائیں کہ حاجت بر آئے۔ ﴿برائے ترقی و جاہ و حشمت﴾ جو کوئی روزمرہ بعد نماز
صبح یا بعد نماز عشاء ایک مرتبہ درود مستغاث شریف پڑھ لیا کرے۔ چالیس روز میں
بعنایت خدا و بطفیل حضور پر نور ﷺ نوکری کی ترقی اور تنخواہ کی بڑھوتری ہو جائے رفتہ
رفتہ اعلیٰ عہدہ پر پہنچے اور افسر صاحبان خاطر تواضع سے پیش آتے ہیں۔
﴿حصول امارت﴾ درود مستغاث شریف بعد نماز صبح اس طریقہ سے پڑھے کہ
آفتاب نکلتے ہی تمام پڑھ لیا جائے پھر دعا مانگے قبولیت کا شرف حاصل ہو اور خدا پڑھنے
والے کو ایسی جگہ سے دولت دنیا عطا فرمادے کہ ایک سال نہ گزرنے پائے امیر کبیر ہو

جائے۔ کسی شدید ضرورت سے اگر وقت گزر جائے تو اسکا خیال نہ کرے کہ اب وقت
نہیں رہا نہ پڑھے ضرور پڑھے ناغہ مت ہونے دے۔ ﴿دفع آسیب﴾ جو کوئی درود
مستغاث شریف روزانہ ورد کرے یا لکھ کر پاس رکھے تو اس پر آسیب جن بھوت پری
دیو سحر جادو ٹونہ منتر وغیرہ کا اثر انشاء اللہ نہ ہوگا۔ اور وہ ہر جگہ مامون و منصور ہوگا نیز
آسیب زدہ کے گلے میں ڈالنا اسکو پلانا اس پر پھونکنا پڑھ کر اس کے لیے دعا کرنا ہر مرض
ہر جادو ہر آسیب سے باذن اللہ نافع ہے۔ ﴿دفیعہ وحشت﴾ درود مستغاث شریف کا
پاس رکھنا یا روزانہ ورد ہر قسم و وحشت قلبی و روحی کا بحمد اللہ تعالیٰ دافع ہے۔
﴿فتح یابی جنگ﴾ دوران جنگ یا قبل از جنگ درود مستغاث شریف پڑھ کر کفار پر حملہ
ہوئے انشاء اللہ منصور و فاتح ہوگا۔ ﴿ہلاکت عدو﴾ جملہ شرائط شرع پاک اور مکمل
پاکیزگی سے شرعاً جائز کے لیے اکیس روز والی دعوت دے دن پورے نہ ہوں کہ البتہ
ہلاک ہو۔ ﴿کشادن حبس﴾ قید مقدمہ یا کوئی اور مشکل روزانہ بعد فجر و عشاء ایک
ایک مرتبہ پڑھ کر دعا کریں چالیس یوم سے پہلے ہر مشکل حل ہو جائے گی انشاء اللہ
تعالیٰ۔ ﴿دفع غم﴾ جو شخص با غم ہو روزانہ اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھا کرے اللہ
تعالیٰ اسکا غم و فکر دور فرما کر با مراد فرمائے بطفیل حبیبہ ﷺ۔

محمد شبیر قادری

نقش درودِ مستغاث شریف

ذیل میں درودِ مستغاث شریف کے اعداد سے مرتب نقش مبارک تحریر ہے یاد رہے کہ درود مستغاث شریف کے مع بسم اللہ اور بلا اعتصام واختتام کل اعداد پانچ لاکھ چھبیس ہزار چھ صد چودہ (۔۵۲۶۶۱۴۔) ہیں۔ یہ نقش شریف درود مستغاث شریف کی تمام کرامت کا حامل ہے ناپاکی کی حالت میں مت چھوئیں۔ اور اس کی برکات سمیٹیں جتنی چاہیں اگر درود مستغاث شریف ورد کرتے ہوئے یہ نقش مبارک پاس ہو تو کرم بالائے کرم ہے

۷۸۶/۹۲			
۱۳۱۶۴۶	۱۳۱۶۵۹	۱۳۱۶۵۶	۱۳۱۶۵۳
۱۳۱۶۵۷	۱۳۱۶۵۲	۱۳۱۶۴۷	۱۳۱۶۰۱
۱۳۱۶۵۱	۱۳۱۶۵۴	۱۳۱۶۶۱	۱۳۱۶۴۸
۱۳۱۶۶۰	۱۳۱۶۴۹	۱۳۱۶۵۰	۱۳۱۶۵۵

اس نقش مبارک کا پاس رکھنا اس پر نظر کرنا۔ دھو کر پینا۔ چھڑکنا وغیرہ سب درود مستغاث شریف کے مترادف ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے محبوب ﷺ کے طفیل ہر مرض وآسیب وسحر وتنگی ہر قسم دور فرما کر وسعت وخوشحالی اور نعمت سے نوازتے ہیں۔

والد حسن و حسین زوج بتول حضرت علی — مشکل کشائے مرتضیٰ شیر خدا کے واسطے

واسطہ سید الثقلین کون و مکاں کے واسطے — یٰسین مزمل محمد مصطفےٰ کے واسطے

میرا دل رکھ دائما ذاکر بذکر اسم ذات — آل اور اصحاب احمد مجتبےٰ کے واسطے

وقت نزع با ایمان دنیا سے اٹھا اے خدا — اور کر قریب بزرگان کبریا کے واسطے

قبر میں اکرام کر کرامت ادا سے بہر عطا — مرشدان دین پاک مصطفےٰ کے واسطے

کر دعا مقبول سے عصیاں ... کی مستجاب
خواجگان قادری غوث الوریٰ کے واسطے

ظاہری و باطنی فراغت کے لیے

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ لِسَانًا ذَاکِرًا وَّ قَلْبًا حَاضِرًا شَاھِدًا شَآئِقًا بِجَمَالِکَ وَ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا وَّ اسِعًا بِغَیْرِ کَدٍّ وَ اسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِغَیْرِ رَدٍّ وَّ ادْفَعْ عَنِّی الْفَقْرَ وَالدَّیْنَ بِحُرْمَۃِ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ وَ اُمِّھِمَا وَ جَدِّ ھِمَا عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ☆

یہ دعا بعد نماز مغرب ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے ہر قسم کی مشکلات حل ہو جاتی ہیں